اولیاء اللہ کے ایصالِ ثواب کے لیے مقرر کردہ

# ذبیحہ حلال ہے

(دو فتوے)

امام احمد رضا قادری بریلوی
علامۃ الہند مولانا معین الدین اجمیری
قدس سرہما

3213

رضا اکیڈمی لاہور

Marfat.com

اولیاء اللہ کے ایصالِ ثواب کے لیے مقرر کردہ

3213

# ذبیحہ حلال ہے

(دو فتوے)

امام احمد رضا قادری بریلوی
علامۃ الہند مولانا معین الدین اجمیری
قدس سرہما

رضا اکیڈمی لاہور

Marfat.com

## سلسلہ مطبوعات نمبر ۶۱

86350

نام کتاب ........ ذبیحہ حلال ہے

تصنیف ........ امام احمد رضا بریلوی

پیش لفظ ........ محمد عبدالحکیم شرف قادری نقشبندی

ناشر ........ رضا اکیڈمی

کمپوزنگ ........ ایم یو کمپوزنگ ایسوسی ایٹس دربار مارکیٹ لاہور

مطبع ........ احمد سجاد آرٹ پریس موہنی روڈ لاہور

ہدیہ ........ دعائے خیر بحق معاونین رضا اکیڈمی رجسٹرڈ لاہور

## عطیات بھیجنے کے لیے

رضا اکیڈمی اکاؤنٹ نمبر ۳۸/۹۳۸ حبیب بنک

وسن پورہ برانچ لاہور

بذریعہ ڈاک طلب کرنے والے حضرات ...... ۵ روپے

کے ٹکٹ ارسال کریں

## ملنے کا پتہ

رضا اکیڈمی رجسٹرڈ مسجد رضا محبوب روڈ چاہ میراں، لاہور پاکستان

کوڈ نمبر ۵۴۹۰۰ فون نمبر ۲۵۰۴۴۰

Marfat.com

32/3

ذخیرہ

# فہرست


| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| پیش لفظ : محمد عبدالحکیم شرف قادری نقشبندی | |
| ذبیحہ کی حلت وحرمت میں صرف ذابح کے حال وقصد کا اعتبار ہے ۔ | |
| مشرک نے بت کے لئے ذبح کرایا، مسلمان نے نام خدا پر ذبح کیا، حلال ہوگیا۔ | |
| اضافت ونسبت کے لئے ادنیٰ تعلق کافی ہے ۔ داؤد کا روزہ ، ماں باپ کی نماز، ان کی عبادت نہیں ، یوں ہی احمد کبیر کی گائے ، مدار کا مرغ ۔ | |
| ذبیحہ میں مخلوق کی طرف نسبت کا، حدیث سے ثبوت — اقوالِ علماء ۔ کہ جو مطلقاً نیتِ غیر کے سبب ذبیحہ حرام کہے جاہل ودیوانہ اور قرآن وحدیث کا مخالف ہے ۔ | |
| مسلمان پر بدگمانی سخت حرام ہے | |
| مخلوق کی طرف وہی تقرب کفر ہے جو بطور عبادت ہو | |
| خاص ذبح میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم کے لئے یوں کہا ، بنامِ خدا "بنامِ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم" جانور حلال ہے ۔ | |
| مانعین کی سب سے بڑی دلیل اور اس کا رد ۔ | |
| جس چیز پر ثواب کی نیت کر لی ہو اُسے بدلنا شرعاً پسند نہیں ۔ | |
| اس مسئلہ میں مذکورہ احکام کا خلاصہ | |
| قرآن عظیم ، پھر ائمہ کا ارشاد ۔ کہ جب مسلمان نے تکبیر کہہ کر ذبح کیا ، جانور حلال ہوگیا ، دل کا ارادہ جان لینے کی طرف نہ ہمیں راہ نہ ہمیں اس کا حکم | |
| فتویٰ : علامۃ الہند مولانا معین الدین اجمیری | |


Marfat.com

پل سے اتارو راہ گزر کو خبر نہ ہو
جبریل پر بچھائیں تو پر کو خبر نہ ہو

کانٹا مرے جگر سے غمِ روزگار کا
یوں کھینچ لیجئے کہ جگر کو خبر نہ ہو

فریاد امتی جو کرے حالِ زار میں
ممکن نہیں کہ خیرِ بشر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خبر نہ ہو

کہتی تھی یہ براق سے اسکی سبک روی
یوں جائیے کہ گردِ سفر کو خبر نہ ہو

فرماتے ہیں یہ دونوں ہیں سردارِ دو جہاں
اے مرتضیٰ عتیق و عمر کو خبر نہ ہو
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

ایسا گما دے اُن کی وِلا میں خدا ہمیں
ڈھونڈا کرے پر اپنی خبر کو خبر نہ ہو

آدل حرم کو روکنے والوں سے چھپکے آج
یوں اُٹھ چلیں کہ پہلو و بر کو خبر نہ ہو

طیرِ حرم ہیں یہ کہیں رشتہ بپا نہ ہوں
یوں دیکھئے کہ تارِ نظر کو خبر نہ ہو

اے خارِ طیبہ دیکھ کہ دامن نہ بھیگ جائے
یوں دِل میں آکہ دیدۂ تر کو خبر نہ ہو

اے شوقِ دِل یہ سجدہ گر اُن کو روا نہیں
اچھا وہ سجدہ کیجئے کہ سر کو خبر نہ ہو

اُن کے سوا رضا کوئی حامی نہیں جہاں
گزرا کرے پسر پہ پدر کو خبر نہ ہو

Marfat.com

3213



بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم
وعلی آلہ واصحابہ اجمعین ہ

عامۃ المسلمین میں سے بعض لوگ بزرگانِ دین کے ایصالِ ثواب کے لئے جانور پالتے ہیں تاکہ ختم شریف کے موقع پر اُسے ذبح کیا جائے، پوچھنے پر کہہ دیتے ہیں کہ یہ فلاں بزرگ کے نام کا جانور ہے، غیر مقلدین اور دیوبندی مکتب فکر سے تعلق رکھنے والے کہتے ہیں کہ وُہ جانور حرام ہوگیا اور حرام بھی ایسا کہ اللہ تعالیٰ کا نام لے کر ذبح کرنے سے بھی حلال نہیں ہوتا، علماءِ اہلسنت کا موقف یہ ہے کہ جب ایک مسلمان اللہ تعالیٰ کے لئے اللہ تعالیٰ کا نام لیکر ذبح کرتا ہے اور اسی کے لئے جانور کا خون بہاتا ہے اور اسی کی رضا کے لئے گوشت پکاکر بندگانِ خدا کو کھلاتا ہے اور اس سارے عمل کا ثواب کسی بزرگ کو پہنچاتا ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ اسے حرام قرار دیا جائے۔

اس مسئلے پر اس وقت چند رسائل راقم کے پیشِ نظر ہیں، جن میں اس مسئلے پر تفصیلی گفت گو کی گئی ہے۔

(۱) سُبُلُ الْاَصْفِیَاءِ فِیْ حُکْمِ الذَّبْحِ لِلْاَوْلِیَاءِ (۱۳۱۲ھ) تصنیف امام احمد رضا بریلوی مطبوعہ نورانی بکڈپو، جمشید پور، انڈیا (۱۳۹۹ھ/۱۹۷۹ء)

(۲) قلمی فتویٰ : از علامۃ الہند مولانا معین الدین اجمیری

اس کا مختصر تعارف آئندہ سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔ اس وقت یہ دونوں فتوے ہدیۂ قارئین کئے جارہے ہیں

(۳) اِعْلَاءُ کَلِمَۃِ اللّٰہِ فِیْ بَیَانِ مَآ اُھِلَّ بِہٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ ۔ از حضرت مہر ولایت پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی۔ شائع کردہ آستانہ عالیہ گولڑہ شریف (۱۴۰۵ھ/۱۹۸۵ء)

Marfat.com

(۴) تَصْرِيْحُ الْمَقَالِ فِيْ حَلِّ اَمْرِ الْاِهْلَالِ : از غزالیٔ زماں علامہ سید احمد سعید کاظمی
اجمیری کتب خانہ، ملتان (۱۹۵۸ء)

مخالفین اپنی تائید میں تفسیر عزیزی کا حوالہ دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے آیت مبارکہ وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کی تفسیر میں وہی کچھ کہا ہے جو ہم کہتے ہیں۔

اس سلسلے میں چند امور قابلِ توجہ ہیں :

(۱) تمام مستند مفسرین نے اس آیت کا یہی مطلب بیان کیا ہے کہ جس جانور کو ذبح کرتے وقت غیر اللہ کا نام لیا جائے وہ حرام ہے، شاہ عبد العزیز محدث دہلوی کے والد ماجد شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے بھی اس آیت کا یہی ترجمہ کیا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے :

وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ۔ (البقرہ ۲ : آیت ۱۷۳)

اس کا ترجمہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے اس طرح کیا ہے۔

وآنچہ آواز بلند کردہ شود در ذبح وے بغیر خدا (فتح الرحمٰن فی ترجمۃ القرآن)

اور وہ جانور جس کے ذبح کرتے وقت غیر اللہ کا نام بلند کیا جائے۔

اسی طرح سورۂ مائدہ آیت ۳ اور سورۂ نحل آیت ۱۱۵ کا بھی ایسا ہی ترجمہ کیا ہے جب آیت کریمہ کا یہ ترجمہ ہے تو یہ فتویٰ کسی طرح درست نہیں ہو سکتا کہ جس جانور کی نسبت کسی بزرگ کی طرف کر دی گئی ہو تو وہ حرام ہے اگرچہ ذبح کرتے وقت اللہ تعالیٰ کا ہی نام لیا جائے۔

(۲) شاہ رؤف احمد نقشبندی مجددی، صاحب تفسیر مجددی معروف بہ تفسیر رؤفی حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہ کی اولاد امجاد میں سے تھے[1] اور حضرت

[1] انہوں نے اپنا شجرۂ نسب اس طرح بیان کیا ہے : رؤف احمد بن شعور احمد بن محمد مشرف بن رضی الدین بن زین العابدین بن محمد یحییٰ بن مجدد الف ثانی (تفسیر رؤفی ج ۱ ص ۴)

Marfat.com

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے شاگرد تھے۔ انہوں نے تفسیر عزیزی کی اس عبارت ہی کو الحاقی قرار دیا ہے، اور یہ کوئی انوکھی بات نہیں ہے، مخالفین، حق وصداقت کے چھپانے اور اپنے باطل عقائد کو فروغ دینے کے لئے ایسی کارروائیاں کرتے رہے ہیں۔

حکیم سید محمود احمد برکاتی (کراچی) لکھتے ہیں:۔

شاہ (ولی اللہ) صاحب کے ساتھ تو ابتدا ہی سے یہ معاملہ روا رکھا گیا ہے، ان کی کئی کتابوں (تاویل الاحادیث، ہمعات، عقد الجید وغیرہ) میں حذف و الحاق کیا گیا، اس کے علاوہ ان کی طرف بر سبیل غلط مستقل چھ کتابیں منسوب کر دی گئیں۔

(۱) قرۃ العین فی ابطال شہادۃ الحسنین (۲) جنۃ العالیہ فی مناقب المعاویہ۔
(۳) البلاغ المبین (۴) تحفۃ الموحدین (۵) اشارہ مستمرہ (۶) قول سدید۔

شاہ صاحب کے اخلاف کے ساتھ بھی یہی معاملہ کیا گیا، شاہ عبدالعزیز کی کتاب تحفہ اثنا عشریہ کے طبع ہوتے ہی اس میں الحاقات کئے گئے جو شاہ صاحب کے مسلک سے متضاد تھے، شاہ صاحب نے اپنے ایک مکتوب میں ان سے برائت ظاہر کی اور اسے الحاق قرار دیا۔[1]

القول الجلی، حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کی مستند اور مصدقہ سوانح حیات ہے عرصۂ دراز تک اسے پردۂ خفا میں رکھا گیا اور اسے شائع کرنے سے گریز کیا گیا، کیونکہ پروپیگنڈے اور خود ساختہ تاریخ کی بنیاد پر شاہ صاحب کو جس مسلک کا نمائندہ بنا کر پیش کیا گیا تھا یہ کتاب اس کی نفی کرتی تھی، لیکن حق بھی کبھی چھپانے سے چھپا ہے، وہ تو کسی نہ کسی وقت ظاہر ہو ہی جاتا ہے۔

---

[1] محمود احمد برکاتی، حکیم سید: القول الجلی کی بازیافت، رضا اکیڈمی لاہور ۱۹۹۱ء ص ۳۶-۳۵

حکیم سید محمود احمد برکاتی لکھتے ہیں:

اب تک ہمارے ذہن میں شاہ صاحب کی جو تصویر تھی وہ اس تصویر سے بہت مختلف ہے جو القول الجلی کے آئینے میں نظر آتی ہے اور اب تک ہم شاہ صاحب کو جس مسلک فقہی کا ترجمان اور داعی سمجھتے تھے یہ تحریریں اس سے مختلف ہیں[1]

اب اصل مطلب کی طرف آئیے۔ شاہ رؤف احمد نقشبندی مجددی فرماتے ہیں:

وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۔ اور جو جانور ذبح کیا جاوے بنام غیر خدا۔

معلوم ہووے کہ اکثر لوگوں کو اس آیت کی معنی میں مفسدوں کے بہکانے سے شک پڑتا ہے، سو ہم یہاں اس کی تفصیل احقاق الحق (کتاب کا نام ۱۲ ق ن) میں سے کئی تفسیروں کی عبارت کے ترجمہ کے ساتھ نقل کرتے ہیں۔

اس کے بعد انہوں نے جلالین، تفسیر حسینی، تفسیر بیضاوی، کشاف، مدارک، تفسیر جامع البیان، تفسیر دُرِ منثور، معالم التنزیل اور تفسیر احمدی کی عبارتیں ترجمہ سمیت نقل کی ہیں۔ ان تمام تفسیروں میں آیت مبارکہ کا وہی مطلب بیان کیا گیا جو شاہ رؤف احمد نے بیان کیا ہے۔ اس کے بعد انہوں نے جو کچھ لکھا ہے توجہ اور چشم حیرت سے پڑھنے کے لائق ہے۔ فرماتے ہیں:

جاننا چاہیئے کہ تفسیر فتح العزیز میں کسی عدو نے الحاق کر دیا ہے اور یوں لکھا ہے کہ اگر کسی بکری کو غیر کے نام سے منسوب کیا ہو تو بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہہ کر ذبح کرنے سے وہ حلال نہیں ہوتی اور غیر کے نام کی تاثیر اس میں ایسی ہو گئی ہے کہ اللہ کے نام کا اثر ذبح کے وقت حلال کرنے کے واسطے بالکل نہیں ہوتا،

[1] محمود احمد برکاتی، حکیم سید: القول الجلی کی بازیافت، رضا اکیڈمی، لاہور (۱۹۹۱ء) ص ۴۴

Marfat.com

ہوتا، سو یہ بات کسی نے ملادی ہے۔

خود مولانا و مرشدنا حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب کبھی ایسا، سب مفسرین کے خلاف نہ لکھیں گے، اور ان کے مرشد اور استاد اور والد حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب نے فوز الکبیر فی اصول التفسیر میں مَآ اُھِلَّ کا معنی مَاذُبِحَ لکھا ہے، یعنی ذبح کرتے وقت جس جانور پر بت کا نام لیوے سو حرام ہے اور مُردار کے جیسا ہے، اور بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر ذبح کیا سو کیونکر حرام ہوتا ہے۔

بعضے نادان تو حضرت نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مولد شریف کی نیاز حضرت پیرانِ پیر کی نیاز اور ہر ایک شہداء اولیاء کی نیاز فاتحہ کے کھانے کو بھی حرام کہتے ہیں اور یہ آیت دلیل لاتے ہیں کہ غیر خدا کا نام جس پر لیا گیا سو حرام ہے۔ واہ واہ! کیا عقل ہے ایسا کہتے ہیں اور پھر جا کر نیاز فاتحہ کا کھانا بھی کھاتے ہیں[1]

اب تو وہ بندہ ہی ختم ہوگئی جس پہ وسیع و عریض عمارت تعمیر کی گئی تھی۔

(۳) غزالیِ زماں علامہ سید احمد سعید کاظمی نے تفسیر عزیزی اور فتاویٰ عزیزی کی داخلی شہادتوں سے ثابت کیا ہے کہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے نزدیک وہی جانور حرام ہے جس کے ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لیا گیا ہو، محض کسی بزرگ کی نسبت کر دینے سے جانور حرام نہیں ہو جاتا۔ ذیل میں علامہ کاظمی کے رسالۂ مبارکہ تصریح المقال فی حل امر الاھلال سے اس بحث کا خلاصہ نقل کیا جاتا ہے۔

---

[1] رؤف احمد نقشبندی مجددی، شاہ: تفسیر رؤفی (مطبع فتح الکریم، بمبئی ۱۳۰۵ھ/ ۱۸۸۷ء) ج ۱ ص ۱۳۵؛ نوٹ: تفسیر رؤفی دو جلدوں میں ہے اور اس کا قدیم نسخہ بیت القرآن، عقب عجائب گھر لاہور میں موجود ہے ۱۲ شرف

Marfat.com

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے تفسیر عزیزی میں انواع شرک کے تحت مشرکین کے چند فرقے شمار کئے ہیں، ان میں سے چوتھا فرقہ پیر پرستوں کا ہے، اس کے متعلق محدث دہلوی نے فرمایا: چوتھا گروہ پیر پرست ہے. جب کوئی بزرگ کمال ریاضت اور مجاہدہ کی بنا پر اللہ تعالیٰ کے ہاں مقبول دعاؤں اور مقبول شفاعت والا ہو کر اس جہان سے رخصت ہو جاتا ہے تو اس کی روح کو بڑی قوت و وسعت حاصل ہو جاتی ہے، جو شخص اس کے تصور کو واسطۂ فیض بنالے یا اس کے اُٹھنے بیٹھنے کی جگہ یا اس کی قبر پر سجدہ اور تذلل تام کرے (اس جگہ اصل عبارت یہ ہے)

یا در مکانِ نشست و برخاست او، یا بر گورِ او سجود و تذلیل تام نماید

تو اس بزرگ کی روح وسعت اور اطلاق کے سبب (خود بخود) اس پر مطلع ہو جاتی ہے اور اس کے حق میں دنیا اور آخرت میں شفاعت کرتی ہے[1]

یہ گروہ واقعی مشرک تھا جو قبروں پر تذلّل تام کے ساتھ سجدہ کرتا تھا، علامہ شامی فرماتے ہیں:-

اَلْعِبَادَۃُ عِبَارَۃٌ عَنِ الْخُضُوْعِ وَالتَّذَلُّلِ[2]

خضوع اور تذلل (تام) کو عبادت کہتے ہیں۔

آج کل کے خوارج کی ستم ظریفی ہے کہ وہ اولیاء اللہ کے عقیدتمند اہل سنّت وجماعت کو پیر پرست قرار دے کر مشرک قرار دیتے ہیں، حالانکہ عامۃ المسلمین عبادت اور انتہائی تعظیم صرف اللہ تعالیٰ کے لئے مانتے ہیں کسی دوسرے کے لئے نہیں. حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کا روئے سخن اُس گروہِ مشرکین کی طرف ہے، ان کا طریقہ یہ تھا کہ جانور کی جان دینے کی نذر شیخ سدّو وغیرہ کے لئے مانتے اور اس کی تشہیر کرتے تھے

---

[1] عبدالعزیز محدث دہلوی، شاہ: تفسیر عزیزی، سورۃ البقرہ (لال کنواں دہلی) ص ۱۲۷

[2] ابن عابدین شامی، علامہ: ردّ المحتار (مصطفٰے البابی مصر) جلد ۲، ص ۲۵۷

Marfat.com

پھر اسی نیت کے تحت شیخ سدو وغیرہ کے لئے خون بہانے کی نیت سے اسے ذبح کرتے تھے، ظاہر ہے کہ یہ ذبیحہ کسی طرح حلال نہیں ہو سکتا، کم فہم لوگوں نے سمجھ لیا کہ حضرت شاہ صاحب نے محض کسی بزرگ کی طرف نسبت کرنے کی بنا پر ان جانوروں کو حرام قرار دیا ہے، حالانکہ یہ قطعاً باطل ہے اور شاہ صاحب پر بہتان صریح ہے

شاہ صاحب نے تفسیر عزیزی میں اپنے موقف کی وضاحت کے لئے تین دلیلیں پیش کی ہیں۔

پہلی دلیل: یہ حدیث ہے۔ مَلْعُوْنٌ مَنْ ذَبَحَ لِغَيْرِ اللهِ، ملعون ہے جس نے غیر اللہ کے لئے ذبح کیا۔ اس حدیث میں صراحۃً لفظِ ذبح مذکور ہے۔

دوسری دلیل عقلی ہے، اس میں یہ تصریح ہے۔ "وجانِ ایں جانور ازاں غیر قرار دادہ کشتہ اند" اس جانور کی جان غیر کی ملک قرار دے کر اس جانور کو ذبح کیا ہے اس عبارت میں دو باتیں ہیں (۱) جانور کی جان غیر کے لئے مملوک قرار دی (۲) اس کو ذبح کیا، صاف ظاہر ہے کہ اس جانور میں اس لئے خُبث پیدا ہوا کہ اسے غیر کے لئے ذبح کیا گیا ہے۔

تیسری دلیل: تفسیر نیشاپوری کی ایک عبارت ہے جس کا ترجمہ یہ ہے کہ علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ اگر کسی مسلمان نے کوئی جانور ذبح کیا اور اس کے ذبح سے غیر اللہ کا تقرب (بطور عبادت) مقصود ہو تو وہ مرتد ہو گیا اور اس کا ذبیحہ مرتد کا ذبیحہ ہے۔

اس عبارت میں بھی غیر اللہ کے تقرب کی نیت سے ذبح کا ذکر ہے، ثابت ہوا کہ شاہ صاحب محض کسی اللہ تعالیٰ کے بندے کی نسبت کے مشہور کر دینے کو حرمت کا سبب قرار نہیں دیتے بلکہ ان کے نزدیک غیر اللہ کے لئے ذبح کرنے سے جانور حرام ہوتا ہے اور یہی تمام امت مسلمہ کا عقیدہ ہے

حضرت شاہ صاحب نے اُهِلَّ کا ترجمہ اگرچہ اصل لغت کے اعتبار سے یہ کیا ہے کہ آواز دی گئی ہو اور شہرت دی گئی ہو، لیکن اس سے ان کی مراد وہی شہرت ہے جس پر ذبح

Marfat.com

واقع ہو، چنانچہ اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ سورۂ بقرہ میں وَمَآ اُھِلَّ بِہٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ، بِہٖ، لِغَیْرِ اللّٰہِ سے پہلے ہے جبکہ سورۂ مائدہ، انعام اور نحل میں لِغَیْرِ اللّٰہِ پہلے ہے اور بِہٖ مؤخر ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ اس جگہ بادفعل کو متعدی کرنے کے لئے ہے اور اصل یہ ہے کہ بادفعل کے ساتھ متصل ہو اور دوسرے متعلقات سے پہلے ہو، اس جگہ تو بارا اپنے اصل کے مطابق لائی گئی ہے، دوسری جگہوں میں اس چیز کو پہلے لایا گیا ہے جو جائے انکار ہے۔

پس ذبح بقصد غیر اللہ مقدم آمدہ[1]

لہذا غیر اللہ کے ارادے سے ذبح کرنے کا ذکر پہلے آیا ہے

اب اگر اُھِلَّ سے مراد ذبح نہیں ہے تو یہ کہنا کیسے صحیح ہو گا کہ سورۂ بقرہ کے علاوہ باقی سورتوں میں غیر اللہ کے ارادے سے ذبح کرنے کا ذکر پہلے ہے، حالانکہ باقی سورتوں میں بھی ذبح کا ذکر نہیں ہے بلکہ اُھِلَّ ہی کا ذکر ہے۔ ثابت ہوا کہ خود شاہ صاحب کے نزدیک لِغَیْرِ اللّٰہِ کا مرادی معنی غیر اللہ کے لئے ذبح کرنا ہی ہے۔

مزید تائید کے لئے شاہ صاحب کی ایک اور تحریر ملاحظہ ہو، سوال یہ ہے کہ حضرت سید احمد کبیر کے لئے نذر مانی ہوئی گائے حلال ہے یا حرام؟ اس کے جواب میں شاہ صاحب فرماتے ہیں:

ذبیحہ کی حلت اور حرمت کا دار و مدار ذبح کرنے والے کی نیت پر ہے اگر تقرب الی اللہ کی نیت سے یا اپنے کھانے کے لئے یا تجارت اور دوسرے جائز کاموں کے لئے ذبح کرے تو حلال ہے ورنہ حرام[2]

غور فرمائیں کہ حضرت سید احمد کبیر کے لئے نذر مانی ہوئی گائے کو انہوں نے حرام نہیں

---

[1] عبد العزیز محدث دہلوی، شاہ: تفسیر عزیزی، البقرہ: ص ۶۱۱

[2] عبد العزیز محدث دہلوی، شاہ: فتاویٰ عزیزی، فارسی (مجتبائی، دہلی ۱۳۲۲ھ) ج ۱: ص ۲۱

Marfat.com

کہا اگر محض تشہیر اور نذر لغیر اللہ موجبِ حرمت ہوتی تو صاف کہہ دیتے کہ حرام ہے یوں نہ کہتے کہ ذبح کرنے والے کی نیت اور قصد پر دار و مدار ہے۔

یہ خلاصہ ہے حضرت غزالئ زماں علامہ سید احمد سعید کاظمی کی تحقیق کا، یاد رہے کہ یہ گفتگو اس وقت ہے جب یہ تسلیم کر لیا جائے کہ یہ عبارات حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کی ہیں، اور اگر ان عبارات کو الحاقی قرار دیا جائے جیسے کہ حضرت شاہ رؤف احمد نقشبندی مجددی نے فرمایا ہے تو پھر اس گفتگو کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔

ذیل میں حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے فتاویٰ سے ایک حوالہ پیش کیا جاتا ہے جو اس مسئلے کے سمجھنے میں مدد دے گا۔

شاہ صاحب فرماتے ہیں:

حاجت برآری کے لئے جو اولیاء کرام کی نذر معمول اور مروّج ہے، اکثر فقہاء اس کی حقیقت تک نہیں پہنچے، اسے اللہ تعالیٰ کی نذر پر قیاس کر کے شقوں کے ساتھ جواب دیا ہے کہ اگر نذر مستقل طور پر اس ولی کے لئے ہے تو باطل ہے اور اگر اللہ تعالیٰ کے لئے ہے اور ولی کا ذکر مصرف کے بیان کے لئے ہے تو صحیح ہے،

لیکن اس نذر کی حقیقت یہ ہے کہ اس نذر میں کھانا کھلانے، خرچ کرنے اور مال صرف کرنے کا ثواب میت کی روح کو پہنچانا اپنے ذمّہ لازم کیا جاتا ہے، اور یہ امر مسنون ہے اور احادیث صحیحہ سے ثابت ہے جیسے کہ حضرت اُمّ سعد وغیرہ کا حال صحیحین میں وارد ہے۔ پس اس نذر کا حاصل یہ ہے کہ اتنی مقدار کا ثواب فلاں کی روح کو پہنچانا مقصود ہے، اور ولی کا ذکر عملِ منذور کی تعیین کے لئے ہے (یعنی ان کی روح کو ثواب پہنچانا مقصود ہے ۱۲ ق ن) نہ کہ مصرف بیان کرنے کے لئے، نذر ماننے والوں کے نزدیک اس نذر کا مصرف

Marfat.com

اس ولی کے متوسلین ہوتے ہیں مثلاً رشتے دار، خدام اور پیر بھائی وغیرہ، بلاشبہ نذر ماننے والوں کا مقصد یہی ہوتا ہے، اور اس کا حکم یہ ہے کہ یہ نذر صحیح ہے، اسے پورا کرنا واجب ہے، کیونکہ یہ ایسی عبادت ہے جو شریعت میں معتبر ہے۔

ہاں اگر اس ولی کو مستقل طور پر مشکلات کا حل کرنے والا یا شفیع غالب اعتقاد کریں تو یہ عقیدہ شرک اور فساد تک پہنچادے گا، لیکن یہ عقیدہ الگ چیز ہے اور نذر دوسری چیز ہے[1]

چشمِ انصاف سے دیکھئے! عامۃ المسلمین جب یہ کہتے ہیں کہ یہ بکرا سیدنا غوث اعظم کے نام کا ہے تو ان کا مقصد یہی ہوتا ہے کہ اسے اللہ تعالیٰ کے لئے اور اُسی کا نام لے کر ذبح کیا جائے گا اس کا گوشت بندگانِ خدا کو کھلا کر ثواب سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روح پُر فتوح کو پہنچایا جائے گا، اس عمل سے بکرا کیوں حرام ہو جائے گا؟ اور وہ شخص کیوں مشرک ہو جائے گا؟ شاہ صاحب تو فرماتے ہیں کہ اگر ایسی نذر مانی گئی تو وہ نذر صحیح ہے اور اسے پورا کرنا واجب ہے۔

حضرت عالمگیر کے استاذ اور مشہور درسی کتاب نور الانوار کے مصنف حضرت ملا جیون آیت مبارکہ وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کے تحت فرماتے ہیں:

وَمِنْ هٰهُنَا عُلِمَ اَنَّ الْبَقَرَةَ الْمَنْذُوْرَةَ لِلْاَوْلِيَاءِ كَمَا هُوَ الرَّسْمُ فِيْ زَمَانِنَا حَلَالٌ طَيِّبٌ۔[2]

یہاں سے معلوم ہوا کہ وہ گائے جس کی نذر اولیائے کرام کے لئے مانی جائے جیسے کہ ہمارے زمانے میں رواج ہے حلال اور طیب ہے۔

---

[1] فتاویٰ عزیزی فارسی (مجتبائی، دہلی) جلد ۱ ص ۱۲۲-۱۲۱ : عبدالعزیز محدث دہلوی، شاہ

[2] ملا جیون، علامہ : تفسیرات احمدیہ (مکتبہ رحیمیہ، دیوبند) ص ۴۲

Marfat.com

(۴) اس جگہ ایک اہم بات کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ بحیرہ اور سائبہ وغیرہ جانوروں کو مشرکین اپنے معبودوں کے لئے مختص کر دیتے تھے اور اس کی تشہیر بھی کرتے تھے تاکہ ان جانوروں کا احترام کیا جائے، قطعی بات ہے کہ وہ مشرکانہ عقیدے کی بنا پر ایسا کرتے تھے، ہمارے مخالفین کے نزدیک وہ جانور لازمی طور پر مَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللهِ میں داخل ہوں گے اس کے باوجود ان جانوروں کو اللہ تعالیٰ کا نام لے کر ذبح کیا جائے تو ان کا کھانا مسلمانوں کے لئے جائز ہے، صرف یہی نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے نہ کھانے والوں کو زجر فرمائی ہے۔ ارشاد ربانی ہے :-

وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللهِ عَلَيْهِ (۶/۱۱۹)

تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ ان جانوروں سے نہیں کھاتے جن پر ذبح کے وقت اللہ تعالیٰ کا نام لیا گیا ہے۔

علامہ ابوالسعود اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں :

اللہ تعالیٰ نے اس بات کا انکار فرمایا ہے کہ ان کے لئے کوئی ایسی چیز پائی جائے جو اللہ تعالیٰ کے نام پر ذبح کئے ہوئے بحیرہ اور سائبہ وغیرہ جانوروں کے کھانے سے اجتناب کا سبب ہو[1]

اللہ اکبر! کافروں نے جن جانوروں کو مشرکانہ طور پر اپنے معبودان باطلہ کے لئے مختص کر دیا ہو انہیں مسلمان اللہ تعالیٰ کے نام پر ذبح کریں تو اُن کا کھانا حلال، اور عامۃ المسلمین اولیاء اللہ کے ایصالِ ثواب، فاتحہ اور نذر عرفی کے لئے مخصوص کردہ جانوروں کو اللہ تعالیٰ کے نام پر ذبح کریں تو ان کا کھانا حرام، اس سے بڑا ظلم اور کیا ہو سکتا ہے؟

## علامۃ الہند مولانا معین الدین اجمیری کا فتویٰ

۱۳؍ جون ۱۹۹۰ء کو برادر محترم مولانا محمد عبدالغفار ظفر صابری مدظلہ بذریعہ بحری جہاز

---

[1] ابوالسعود، امام: تفسیر ابوسعود (احیاء التراث العربی، بیروت) ج ۳ ص ۱۷۹

Marfat.com

حج و زیارت کے لئے حرمین شریفین روانہ ہوئے تو راقم انہیں رخصت کرنے کے لئے کراچی گیا، ان کی واپسی پر استقبال کے لئے دوبارہ ۱۹ راگست کو کراچی جانے کا اتفاق ہوا، دونوں دفعہ آمد و رفت کے موقع پر ہوائی جہاز کے ٹکٹ کا انتظام جناب سیٹھ عرفان عمر صاحب (لاہور) نے کیا اور قیام کے لئے تاج محل ہوٹل کا کمرہ ریزرو کرایا، شمس العلوم جامعہ رضویہ کراچی اور دار العلوم نعیمیہ، کراچی کے علماء نے پر تپاک استقبال کیا۔ مولانا قاری محمد اسماعیل سیالوی اور ان کے شاگرد رشید جناب عمر فاروق سیالوی، کیپٹن نیوی نے روانگی اور واپسی پر اتنا پُرخلوص تعاون کیا کہ اسے بُھلایا نہیں جا سکتا، دونوں دفعہ کیپٹن صاحب راقم کو بحری جہاز کے اندر لے گئے اور مسلسل ساتھ رہے، اللہ تعالیٰ ان تمام حضرات کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

اسی سفر میں علامۃ الہند مولانا معین الدین اجمیری کے بھتیجے جلیل القدر فاضل حکیم نصیر الدین مدظلہ العالی نظامی دواخانہ، شاہراہ قائدین، کراچی سے ملاقات ہوئی۔ دورانِ گفتگو علامۃ الہند کے غیر مطبوعہ فتوے کا ذکر آگیا، حکیم صاحب نے بتایا کہ دار العلوم دیوبند سے ایک فتویٰ بغرض تصدیق علامۃ الہند کے پاس آیا۔ فتوے کا مضمون یہ تھا کہ اولیاء کرام کے لئے نامزد کیا جانے والا جانور حرام ہے۔ علامۃ الہند نے فرمایا: مجھے اس فتوے سے اتفاق نہیں ہے، اس لئے تصدیق نہیں کر سکتا۔ حضرت کے شاگرد مولانا منتخب الحق (سابق صدر شعبۂ معارف اسلامیہ، کراچی یونیورسٹی) نے درخواست کی کہ اگر آپ کو اس فتوے سے اختلاف ہے تو آپ اپنا مؤقف تحریر فرما دیں۔ اس طرح یہ فتویٰ تحریری طور پر معرضِ وجود میں آیا۔

عبد الشاہد خاں شروانی اس فتوے کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ما اھل بہ لغیر اللہ میں حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی نے حُرمت کے دائرہ میں ان جانوروں کو بھی داخل کر لیا جو کسی بزرگ کے

Marfat.com

فاتحہ وغیرہ کے نام سے موسوم ومتعین ہو جائیں۔ مولانا (معین الدین اجمیری) کا مسلک شاہ صاحب کے مخالف تھا، اس پر ایک مبسوط محققانہ مضمون بھی لکھا تھا جو ضائع ہو گیا، اور روز افزوں صحت کی خرابی نے دوبارہ لکھنے کا موقعہ نہ دیا[۱]۔

لازمی بات ہے اس متاع گم گشتہ کی بازیابی کی اطلاع سے خوشی ہوئی، حکیم صاحب نے بتایا کہ اس فتوے کی اصل کاپی عامر عثمانی، ایڈیٹر ماہنامہ تجلی، دیوبند بغرضِ اشاعت لے گئے تھے، لیکن انہوں نے یہ فتویٰ شائع نہیں کیا، البتہ اس کی فوٹو کاپی حکیم سید محمود احمد برکاتی (کراچی) کے پاس موجود ہے، راقم کی درخواست پر برکاتی صاحب نے ایک فوٹو کاپی مجھے فراہم کر دی۔

یہ فتویٰ باریک قلم سے لکھا گیا تھا، فوٹو کاپی بھی صاف نہ تھی اس لئے اس کا پڑھنا بڑا دشوار تھا، جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور کے فاضل مدرس مولانا غلام نصیر الدین چشتی نے بڑی دیدہ ریزی سے اسے نقل کیا، مولانا حافظ محمد رمضان خوشنویس نے کتابت کی، اس طرح یہ غیر مطبوعہ فتویٰ چھپ کر قارئین کرام کے ہاتھوں میں پہنچ رہا ہے۔

اسی موضوع پر امام احمد رضا بریلوی کا ایک مختصر مگر جامع رسالہ ہے سُبُلُ الْاَصْفِیَاءِ فِیْ حُکْمِ الذَّبْحِ لِلْاَوْلِیَاءِ، موضوع کی مناسبت کے پیش نظر دونوں فتوے رضا اکیڈمی، لاہور کی طرف سے اکٹھے شائع کئے جا رہے ہیں، رضا اکیڈمی، لاہور کے اراکین اور معاونین اس علمی پیشکش پر بجا طور پر مبارکباد کے مستحق ہیں، مقامِ صد شکر ہے کہ رضا اکیڈمی، لاہور نے مختصر عرصے میں علمی اور اشاعتی میدان میں وہ کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں جن پر علمی حلقوں نے نہایت حوصلہ افزا تاثرات کا اظہار کیا ہے۔

۴ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۲ھ — محمد عبد الحکیم شرف
۱۲ نومبر ۱۹۹۱ء — قادری نقشبندی

---

[۱] عبدالشاہد خاں شروانی: باغی ہندوستان (مکتبہ قادریہ، لاہور ۱۹۷۸ء) ص ۲۰ — ۲۱۹

Marfat.com

Marfat.com

# سُبُلُ الاَصفِیَا
# فی
# حُکمِ الذَّبحِ لِلاَولِیَاء

۱۳۱۲ ھ

(بلاشُبہ وہ جانور حلال ہے جسے اللہ کا نام لے کر شرعی طریقہ پہ ذبح کیا جائے، اگرچہ اُس کا ثواب اولیاء اللہ کو ہدیہ کرنا مقصود ہو)

امام احمد رضا بریلوی
(قُدِّسَ سِرُّہٗ)

Marfat.com

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

**مسئلہ:** دررد فتوائے بعض معاصرین۔ ۲۵ ربیع الاول شریف ۱۳۱۲ھ نیز از لشکر گوالیار ڈاک دربار بجواب سوال مولوی نورالدین صاحب اوائل ذی القعدہ ۱۳۱۵ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس صورت میں کہ زید نے ایک بکرا میاں کا اور عمرو نے ایک گائے چہل تن کی اور مرغ مدار کا پالا، اور پال کر ان کو باتکبیر ذبح کیا یا کرایا اس کا کھانا مسلمانوں کو عندالشرع جائز ہے یا نہیں۔ بَیِّنُوْا تُوْجَرُوْا۔

**الجواب:** حَامِدًا لَّکَ وَمُصَلِّیًا وَّمُسَلِّمًا عَلٰی حَبِیْبِکَ وَاٰلِہٖ یَاوَھَّابُ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ۔

اقول وباللہ التوفیق۔ حق اس مسئلہ میں یہ ہے کہ حلت وحرمتِ ذبیحہ میں حال وقول ونیتِ ذابح[1] کا اعتبار ہے۔ نہ مالک کا۔ مثلاً مسلمان کا جانور کوئی مجوسی ذبح کرے تو حرام ہو گیا اگرچہ مالک مسلم تھا۔ اور مجوسی کا جانور مسلمان ذبح کرے تو حلال اگرچہ مالک مشرک تھا یا زید کا جانور عمرو ذبح کرے اور قصداً تکبیر نہ کہے حرام ہو گیا اگرچہ مالک برابر کھڑا سو بار بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتا رہے۔ اور ذابح تکبیر سے ذبح کرے تو حلال اگرچہ مالک ایک بار بھی نہ کہے۔ ذابح کلمہ گو نے غیر خدا کی عبادت وتعظیم مخصوص کی نیت سے ذبح کیا تو حرام ہو

---

[1] ذابح: ذبح کرنے والا مولانا محمد عبدالمبین نعمانی (انڈیا)

Marfat.com

گیا اگرچہ مالک کی نیت خاص اللہ عزوجل کے لئے ذبح کی تھی

یوں ہی ذابح نے خاص اللہ عزوجل کے لئے ذبح کیا تو حلال اگرچہ مالک کی نیت کسی کے واسطے تھی۔

تمام صورتوں میں حالِ ذابح کا اعتبار ماننا اور اس شکلِ خاص میں انکار کر جانا محض تحکمٌ باطل[1] ہے جس پر شرع مطہر سے اصلاً دلیل نہیں۔ ولہذا فقہائے کرام خاص اس جزئیہ کی تصریح فرماتے ہیں کہ مثلاً مجوسی نے اپنے آتشکدہ یا مشرک نے اپنے بتوں کے لئے مسلمان سے بکری ذبح کرائی اور اس نے تکبیر کہہ کر ذبح کی۔ حلال ہے، کھائی جائے، اگرچہ یہ بات مسلم کے حق میں مکروہ ہے..... فتاوٰی عالمگیری، وفتاوٰی تاتارخانیہ وجامع الفتاوٰی میں ہے۔

مُسْلِمٌ ذَبَحَ شَاةَ الْمَجُوْسِیِّ لِبَیْتِ نَارِھِمْ اَوِالْکَافِرِ لِاٰلِھَتِھِمْ تُؤْکَلُ لِاَنَّہٗ سَمَّی اللّٰہُ تَعَالٰی وَیُکْرَہُ لِلْمُسْلِمِ۔

پھر مسلمان ذابح کی نیت بھی وقت ذبح کی معتبر ہے اس سے قبل وبعد کا اعتبار نہیں ذبح سے ایک آن پہلے تک خاص اللہ عزوجل کے لئے نیت تھی ذبح کرتے وقت غیر خدا کے لئے اس کی جان دی ذبیحہ حرام ہو گیا وہ پہلی نیت کچھ نفع نہ دے گی۔ یوں ہی اگر ذبح سے پہلے غیر خدا کے لئے ارادہ تھا ذبح کے وقت اس سے تائب ہو کر مولیٰ تبارک وتعالیٰ کیلئے اراقتِ دم[2] کی تو حلال ہو گیا یہاں وہ پہلی نیت کچھ نقصان نہ دے گی۔ ردالمحتار میں ہے:۔

اعلم ان المدار علی القصد عند ابتداء الذبح[3]

غرض ہر عاقل جانتا ہے کہ تمام افعال میں اصل نیتِ مقارنہ[4] ہے۔ نماز سے پہلے خدا کے لئے نیت تھی، تکبیر کہتے وقت دکھاوے کے لئے پڑھی قطعاً مرتکبِ کبیرہ ہوا۔ اور نماز ناقابل قبول اور اگر دکھاوے کے لئے اٹھا تھا نیت باندھتے وقت تک یہی قصد تھا۔ جب نیت

---

[1] بے کار کی زبردستی ۱۲ [2] خون بہانا۔ ۱۲ [3] جان تو کہ مدار ذبح کے وقت کے ارادے پر ہے۔ ۱۲ [4] وہ نیت جو فعل سے متصل ہو۔ ۱۲

86350

Marfat.com

باندھی قصد خالص رب جلّ وعلا کے لئے کر لیا تو بلا شبہ وہ نماز پاک وصاف وصالح وقبول ہوگئی تو ذبح سے پہلے کی شہرت، پکار کا کچھ اعتبار نہیں، نہ نافع نفع دے۔ نہ مضر ضرر خصوصًا جب کہ پکارنے والا غیر ذابح ہو کہ اسے تو اس باب میں کچھ دخل ہی نہیں۔ کما قد علمت[1] وھذا کلہ ظاھر جدا لا یصلح ان یتناطح فیہ قرنان وجماء۔ پھر اضافت[2] معنیٰ عبادت میں منحصر نہیں کہ خواہی نخواہی مدار کے مرغ یا پھل تن کی گائے کے معنی ٹھہرائے جائیں کہ وہ مرغ و گاؤ جس سے ان حضرات کی عبادت کی جائے گی، جس کی جان ان کے لئے دی جائے گی، اضافت کو ادنیٰ علاقہ کافی ہوتا ہے۔ ظہر کی نماز، جنازہ کی نماز، مسافر کی نماز، امام کی نماز، مقتدی کی نماز، بیمار کی نماز، پیر کا روزہ، اونٹوں کی زکوٰۃ، کعبہ کا حج، جب ان اضافتوں سے نماز وغیرہ میں کفر و شرک وحرمت درکنار نام کو کراہت بھی نہیں آتی۔ تو حضرت مدار کے مرغ حضرت احمد کبیر کی گائے، فلاں کی بکری کہنے سے یہ خدا کے حلال کئے ہوئے جانور کیوں جیتے جی مردار اور سور ہو گئے کہ اب کسی صورت حلال نہیں ہو سکتے۔ یہ شرع مطہر پر سخت جراءت ہے۔ خود حضور پر نور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اِنَّ اَحَبَّ الصِّیَامِ اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی صِیَامُ دَاوٗدَ وَاَحَبُّ الصَّلٰوۃِ اِلَی اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ صَلٰوۃُ دَاوٗدَ۔ (رواہ الائمۃ احمد والستۃ عن عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما الا الترمذی فعندہٗ فضل الصیام وحدہٗ۔)

بیشک سب روزوں میں پیارے اللہ تعالیٰ کو داؤد کے روزے ہیں اور سب نمازوں میں پیاری داؤد کی نماز ہے۔ علیہ الصلوٰۃ والسلام۔

علماء فرماتے ہیں مستحب نمازوں میں صلوٰۃ الوالدین یعنی ماں باپ کی نماز ہے۔ فی ردالمحتار[3] عن الشیخ اسماعیل عن شرح شرعۃ الاسلام من المندوبات صلوٰۃ التوبۃ

---

[1] جیسا کہ تُو نے جان لیا اور سب بالکل ظاہر ہے اس لائق نہیں کہ اس میں لڑا جائے ۱۲ [2] کسی چیز کو کسی کی طرف منسوب کرنا ۱۲ ان [3] شامی میں شیخ اسمٰعیل سے ہے وہ شرح شرعۃ الاسلام سے نقل کرتے ہیں کہ صلوٰۃ التوبۃ اور صلوٰۃ الوالدین مستحبات سے ہے۔

Marfat.com

وصلاۃ الوالدین۔

سبحان اللہ! داؤد علیہ الصلوۃ والسلام کی نماز داؤد (علیہ السلام) کے روزے مل باپ کی نماز کہنا صواب[1] پڑھنا ثواب اور جانوروں کی اضافت وہ سخت آفت کہ قائین، کفار، جانور مُردار۔ کیا ذبح نماز روزے سے بڑھ کر عبادتِ خدا ہے یا اس میں شرک حرام اِن میں روا ہے۔

خود اضافاتِ ذبح کا فرق سنئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لَعَنَ اللّٰہُ مَنْ ذَبَحَ لِغَیْرِ اللّٰہِ ."خدا کی لعنت ہے اس پر جو غیر خدا کے لئے ذبح کرے"۔ (رواہ[2] مسلم والنسائی عن امیر المؤمنین علی ونحوہ احمد عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم)

دوسری حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:۔

من ذبح لضیفہ ذبیحۃ کانت فداءہ من النار۔ "جو اپنے مہمان کے لئے جانور ذبح کرے وہ ذبیحہ اس کا فدیہ ہو جائے آتشِ دوزخ سے"۔ (رواہ الحاکم فی تاریخہ عن جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما)

تو معلوم ہوا کہ ذبیحہ میں غیر خدا کی نیت اور اس کی طرف نسبت مطلقاً کفر کیا حرام بھی نہیں بلکہ موجبِ ثواب ہے تو ایک حکم عام کفر وحرام کیوں کر صحیح ہو سکتا ہے۔

ولہذا علماء فرماتے ہیں مطلقاً نیتِ غیر کو موجب حرمت جاننے والا سخت جاہل اور قرآن وحدیث وعقل کا مخالف ہے۔ آخر قصاب کی نیت تحصیلِ نفع دنیا اور ذبائح شادی کا مقصود برات کو کھانا دینا ہے۔ نیتِ غیر تو یہ بھی ہوئی، کیا یہ سب ذبیحے حرام ہو جائیں گے۔

یوں ہی مہمان کے واسطے ذبح کرنا درست وبجا ہے کہ مہمان کا اکرام عین اکرام خدا ہے۔ در مختار میں ہے:۔

---

[1] درست صحیح ۱۲ [2] روایت کیا اس حدیث کو امام مسلم اور نسائی نے امیر المؤمنین علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور اسی کے مثل امام احمد نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے۔ ۱۲-ن

Marfat.com

لو ذبح للضيف لا يحرم لانه سنة الخليل واکرام الضيف اکرام الله تعالیٰ[1]

ردالمحتار میں ہے

قال البزازی ومن ظن انه لا یحل لانه ذبح لاکرام ابن ادم فیکون اهل به لغیر الله تعالیٰ فقد خالف القران و الحدیث والعقل فانه لاریب ان القصاب یذبح للربح ولو علم انه ینجس لا یذبح فیلزم هذا الجاهل ان لا یاکل ما ذبحه القصاب وماذبح للولائم والاعراس والعقیقة[2]

دیکھو! علماء کرام صراحتہً ارشاد فرماتے ہیں کہ مطلقاً نیت ونسبتِ غیر کو موجب حرمت جاننا اور ما اهل به لغیر الله میں داخل ماننا نہ صرف جہالت بلکہ جنون و دیوانگی اور شرع وعقل دونوں سے بیگانگی ہے جب نفع دنیا کی نیت مخل نہ ہوئی تو فاتحہ وایصالِ ثواب میں کیا زہر مل گیا۔ اور جب اکرامِ مہمان عین اکرامِ خدا ٹھہرا تو اکرامِ اولیاءؒ بدرجہ اولیٰ۔

ہاں اگر کوئی جاہل اجہل یہ نسبت واضافت بقصدِ عبادتِ غیر ہی کرتا ہے تو اس کے کفر میں شک نہیں۔ پھر بھی اگر ذابح اس نیت سے بری ہے تو جانور حلال ہو جائے گا کہ نیتِ غیر

---

[1] اگر مہمان کے لئے جانور ذبح کیا تو حرام نہیں اس لئے کہ یہ حضرت خلیل علیہ السلام کی سنت ہے اور مہمان کا اکرام خدا کا اکرام ہے۔ ۱۲

[2] بزازی نے کہا اور جس نے گمان کیا کہ " یہ حلال نہیں اس لئے کہ ابن آدم کے اکرام کے لئے ذبح کیا گیا ہے تو یہ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ میں داخل ہے ، ایسا کہنے والے نے قرآن وحدیث اور عقل کی مخالفت کی ، اس لئے کہ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ قصاب نفع کے لئے ذبح کرتا ہے اور اگر جانے کہ اس کو گھاٹا ہوگا تو نہ ذبح کرے ۔ تو اس جاہل کو لازم ہے کہ قصاب کے ذبیحہ کو نہ کھائے اور ایسے ہی ولیمہ ، شادی اور عقیقہ کے لئے جو ذبح ہو اس کو بھی نہ کھائے ۔ ۱۲

Marfat.com

اس پر اثر نہیں ڈالتی۔ کما حققناہ انفا۔

مگر جب کہ ہم حدیثاً وفقہاً دلائل قاہرہ سے ثابت کرچکے کہ اضافت معنیٔ عبادت ہی میں منحصر نہیں تو صرف اس بناء پر حکم کفر محض جہالت وجراءت وحرام قطعی اور مسلمانوں پر ناحق بدگمانی ہے۔ تم سے کس نے کہدیا کہ وہ آدمیوں کا جانور کہنے سے عبادتِ آدمیان کا ارادہ کرتے اور انہیں اپنا معبود وخدا بنانا چاہتے ہیں۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اجْتَنِبُوا كَثِيرًا مِّنَ الظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ[1]

"اے ایمان والو! بہت سے گمانوں سے بچو بیشک کچھ گمان گناہ ہیں"

اور فرماتا ہے:۔

وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ ۚ إِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ أُولَٰئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُولًا[2]

بے یقین بات کے پیچھے نہ پڑ، بیشک کان، آنکھ اور دل سب سے سوال ہونا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ایاکم والظن فان الظن اکذب الحدیث۔

گمان سے بچو کہ گمان سب سے بڑھ کر جھوٹی بات ہے

(رواہ الائمۃ مالک والشیخان وابوداود والترمذی عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔)

اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:۔

افلا شققت عن قلبہ حتی تعلم اقالھا ام لا۔

تُو نے اس کا دل چیر کر کیوں نہ دیکھا۔ کہ دل کے عقیدے پر اطلاع پاتا

(رواہ مسلم عن اسامۃ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما)

---

[1] پ: ۲۶ رکوع ۱۴: الحجرات [2] پ: رکوع ۴۔ بنی اسرائیل ۱۲

Marfat.com

امام عارف باللہ سیدی احمد زروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

انما ینشأ الظن الخبیث عن القلب الخبیث

"بدگمان، خبیث ہی دل سے پیدا ہوتا ہے"

(نقلہ سیدی عبد الغنی النابلسی فی شرح الطریقۃ المحمدیۃ)

ولہذا منیہ و ذخیرہ و شرح وہبانیہ و در مختار وغیرہا میں ارشاد فرمایا:

انا لا نسیئ الظن بالمسلم انہ یتقرب الی الآدمی بھذا النحر

"ہم مسلمان پر بدگمانی نہیں کرتے کہ وہ اس ذبح سے آدمی کی طرف تقرب چاہتا ہو"

رد المحتار میں ہے:

(ای علی وجہ العبادۃ لانہ المکفر وھذا بعید من حال المسلم۔

"یعنی اس تقرب سے تقرب بروجہ عبادت مراد ہے کہ اس میں کفر ہے اور اس کا خیال مسلمان کے حال سے دور ہے"

(بلکہ علماء تو یہاں تک تصریح فرماتے ہیں کہ اگر خود ذابح خاص وقتِ ذبح تکبیر میں یوں کہے بسم اللہ بنامِ خدائے بنامِ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو یہ کہنا مکروہ تو بیشک ہے مگر کفر کیسا، جانور حرام بھی نہ ہوگا۔ جبکہ اس لفظ سے اس کی نیت حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو صرف تعظیم ہو۔ نہ معاذ اللہ حضور کو رب عزّ وجل کے ساتھ شریک ٹھہرانا۔

امام اجل فقیہ النفس قاضی خاں اپنے فتاویٰ میں تحریر فرماتے ہیں:۔

رجل ضحی و ذبح وقال بسم اللہ بنامِ خدائے بنامِ محمد علیہ السلام قال الشیخ الامام ابو بکر محمد بن الفضل رحمہ اللہ تعالیٰ ان اراد الرجل بذکر اسم النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تبجیلہ وتعظیمہ جاز ولا بأس وان اراد بہ الشرکۃ مع اللہ تعالیٰ لا تحل الذبیحۃ [1]

---

[1] کسی شخص نے قربانی کی اور ذبح کرتے وقت کہا "بسم اللہ بنامِ خدائے (بقیہ بر صفحہ ۲۸)

بلکہ اس سے بھی زائد خاص صورتِ عطف میں مثلاً بنامِ خدا و بنامِ فلاں، جس سے صاف معنیٔ شرکت ظاہر ہے اگرچہ مذہبِ صحیح حرمتِ جانور ہے مگر مگر حکمِ کفر نہیں دیتے کہ وہ امرِ باطنی ہے کیا معلوم کہ اس کی نیت کیا ہے۔ درمختار میں ہے :۔

ان عطف حرمت نحو باسم اللّٰہ واسم فلان[1]

ردالمحتار میں ہے :۔ ھو الصحیح وقال ابن سلمۃ لا تصیر میتۃ لانھا لو صارت میتۃ یصیر الرجل کافرا۔ خانیہ۔ قلت تمنع الملازمۃ بان الکفر امر باطنی والحکم بہ صعب فیفرق کذا فی شرح المقدسی، شرنبلالیہ[2]

اللہ اکبر! خود ذابح خاص تکبیر ذبح میں نامِ خدا کے ساتھ نامِ غیر ملا کر پکارے اور کافر نہ ہو جب تک معنیٔ شرک کا ارادہ نہ کرے بلکہ بے حرف عطف "بنامِ خدا بنامِ محمد صلی اللہ

---

(بقیہ از صفحہ ۲۷) بنامِ محمد علیہ السلام"، تو اس کے بارے میں شیخ امام ابوبکر محمد بن فضل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر اس شخص نے حضور کے اسمِ گرامی سے آپ کی تعظیم کا قصد کیا تو جائز ہے اور اس میں کچھ حرج نہیں۔ اور اگر اس سے خدا کے ساتھ شرکت کا ارادہ کیا تو ذبیحہ حلال نہیں"۔ نعمانی

[1] "اگر (خدا کے ساتھ دوسرے کا نام) عطف کیا تو ذبیحہ حرام ہوگا۔ جیسے باسم اللہ واسم فلاں"۔

[2] "یہی صحیح ہے اور ابن سلمہ نے کہا کہ اس سے ذبیحہ مُردار نہ ہوگا اس لئے کہ اگر مُردار ہو جائے تو ایسا ذبیحہ کرنے والا کافر ہو جائے گا (بحوالہ خانیہ) میں کہتا ہوں اس سے کفر لازم ماننا صحیح نہیں اس لئے کہ کفر ایک امر باطنی ہے اور اس پر حکم لگانا مشکل ہے تو حکم میں تفریق کی جائے"۔

٭ نب ٭ نب ٭

Marfat.com

تعالیٰ علیہ وسلم" کہے اور اس نام پاک کے لینے سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم ہی چاہے حضور کی عظمت ہی کے لئے خاص وقت ذبح بنام خدا کے ساتھ بنام محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہے تو جانور میں اصلاً حرمت وکراہت بھی نہیں۔ مگر پیش از ذبح اگر کسی نے یوں پکار دیا کہ فلاں کا بکرا فلاں کی گائے، تو پکارنے والا مشرک اور اس کے ساتھ یہ لفظ منہ سے نکلتے ہی جانور کی بھی کایا پلٹ ہو کر فوراً بکری سے کتا، گائے سے سور۔ اگرچہ وہ منادی غیر ذابح ہو اگرچہ ابھی نہ وقتِ ذبح نہ دمِ تکبیر۔ معاذ اللہ۔ وہ لفظ کیا تھے جادو کے انچھر تھے کہ چھوتے ہی جانور کی ماہیت بدل گئی۔ ایسے زبردستی کے احکام شرع مطہر سے بالکل بیگانہ ہیں۔

بڑی دلیل ان کے قصدِ عبادت، غیر ومعنی شرک پر یہ پیش کی جاتی ہے کہ اس ذبح کے بدلے گوشت خرید کر تصدق کرنا ان کے نزدیک کافی نہیں ہوتا تو معلوم ہوا کہ ایصالِ ثواب مقصود نہیں بلکہ خاص ذبح للغیر وشرکِ صریح مراد ہے اگرچہ وہ صاف کہہ رہے ہیں کہ ہمارا مطلب صرف ایصالِ ثواب ہی ہے۔

**اقول** اس سے صرف اتنا ثابت ہوا کہ خاص ذبح مراد ہے ذبح للغیر کہاں سے نکلا۔ کیا ثوابِ ذبح کوئی چیز نہیں یا گوشت دینے میں وہ بھی حاصل ہو جاتا ہے۔ عنایہ میں ہے:۔

التضحیۃ[۱] فیھا افضل من التصدق بثمن الاضحیۃ لان فیھا جمعا بین التقرب باراقۃ الدم والتصدق والجمع بین القربتین افضل اھ ملخصاً۔

معٰہذا عوام ایسی اشیا میں مطلقاً تبدیل پر راضی نہیں ہوتے مثلاً جو آٹے کی چٹکی روزانہ اپنے گھر کے خرچ سے نکالتے اور ہر ماہ اسے پکا کر حضور پر نور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نیاز دلا کر محتاج کو کھلاتے ہیں۔ اگر ان سے کہئے کہ یہ آٹا جو جمع ہوا ہے

---

[۱] قربانی کرنا اس میں قیمت کے صدقہ کرنے سے افضل ہے اس لئے کہ اس میں دونوں تقرب کا جمع ہونا ہے۔ ایک اراقتِ دم یعنی خون بہانا دوسرے صدقہ کرنا، اور دونوں قربتوں کا جمع کرنا افضل ہے۔ ۱۲ ان

Marfat.com

اپنے خرچ میں لائیے، اور اس کے عوض اور پکائیے کبھی نہ مانیں گے، حالانکہ آٹے میں کوئی ذبح کا محل نہیں۔ اور ذبح میں بھی اگر اس جانور کے بدلے دوسرا جانور دیجئے ہرگز نہ لیں گے، حالانکہ ادائے ذبح میں دونوں ایک سے۔ تو اُس کا کافی نہ سمجھنا اسی خیال تعیین وتخصیص کی بنا پر ہے نہ کہ معاذ اللہ اس توہّم باطل پر خصوصاً جبکہ وہ بیچارے صراحۃً کہہ رہے ہیں کہ حاشا للہ ہم عبادتِ غیر نہیں چاہتے۔ صرف ایصالِ ثواب مقصود ہے۔

اور اگر انصاف کیجیے تو دربارۂ عدم تبدیل ان کا وہ خیال بے اصل بھی نہیں اگرچہ انہوں نے اس میں تشدّد زیادہ سمجھ لیا ہو جن چیزوں پر نیت قربت کرلی گئی شرعِ مطہر بھی بلاوجہ ان کا بدلنا پسند نہیں فرماتی۔ لاسیّما[1] اذا کان النزول الی الناقص کما ھھنا وکل ذلک ظاھرٌ جدًا۔

ولہٰذا اگر غنی قربانی کے لئے جانور خرید ے اور اس معیّن کی نذر نہ ہو تو جانور متعین نہیں ہو جاتا اسے اختیار ہے کہ اس کے بدلے دوسرا جانور قربانی کرے پھر بھی بدلنا[ف] مکروہ ہے کہ جب اس پر قربت کی نیت کرلی تو بلاوجہ تبدیل نہ چاہیئے۔ ہدایہ میں ہے۔ بالشراء[2] للتضحیۃ لا یمتنع البیع۔ اُسی میں ہے: ویکرہ[3] ان یبدل بھا غیرھا۔ اسی طرح تبیین الحقائق وغیرہ میں ہے۔

بالجملہ[ف] مسلمانوں پر بدگمانی حرام اور حتی الامکان اس کے قول وفعل کو وجہ صحیح پر حمل واجب اور یہاں ارادۂ قلب پر بے تصریحِ قائل حکم لگانے کی اصلًا راہ نہیں اور حکم بھی کیسا کفر و شرک کا۔ جس میں اعلیٰ درجہ کی احتیاط فرض یہاں تک کہ ضعیف سے ضعیف احتمال بچاؤ کا نکلتا

---

[1] خاص کر جب ناقص کی طرف نزول ہو جیساکہ یہاں ہے (یعنی محض صرفِ گوشت اراقۃِ دم سے ناقص ہے) اور یہ سبب خوب واضح ہے۔ ۱۲ [2] قربانی کے لئے کسی جانور کا خریدنا اس کی بیع سے مانع نہیں۔ ۱۲ [3] اور مکروہ ہے کہ اس جانور کی جگہ دوسرا جانور ذبح کیا جائے۔ ۱۲ ن۔

٭ ٭ ٭

ہو تو اسی پر اعتماد لازم ۔ کما حقق کل ذلك الائمة المحققون فی تصانیفهم الجلیلة ۔

اگر بالفرض بعض کودن احمقوں پر ثبوت شرعی ثابت بھی ہو کہ ان کا مقصود معاذ اللہ عبادتِ غیر ہے تو حکم کفر صرف انہیں پر صحیح ہوگا اُن کے سبب حکم عام لگا دینا اور باقی لوگوں کی بھی یہی نیت سمجھ لینا محض باطل ہے ۔ قال اللہ تعالیٰ لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی[1]۔ بس حق یہ ہے کہ نہ مطلقاً اس نام پکارنے پر حکم شرک صحیح، نہ اس کی وجہ سے جانور کو مردار مان لینا درست، بلکہ حکم ترک کے لئے قائل کی نیت پوچھیں گے ۔ اگر اقرار کرے کہ اس کی مراد عبادتِ غیر ہے تو بیشک مشرکین کہیں گے ورنہ ہرگز نہیں اور حکم حرمت میں صرف قول وفعل و نیتِ ذابح خاص وقتِ ذبح پر مدار رکھیں گے ۔ اگر مالک خواہ غیر مالک کسی کلمہ گو نے معاذ اللہ اسی نیتِ شرک کے ساتھ ذبح کیا تو بیشک حرام کہ وہ اس نیت سے مرتد ہو گیا اور مرتد کا ذبیحہ نہیں ۔ اور اگر اللہ عزّ وجل کے لئے جان دی اور قصداً تکبیر ترک نہ کی تو بے شک حلال اگرچہ اس پر باعث ایصالِ ثواب یا اکرامِ اولیا یا نفع دنیا وغیرہا مقاصد ہوں اگرچہ مالک غیر ذابح کی نیت معاذ اللہ وہی عبادتِ غیر ہو اگرچہ پیش از ذبح یا غیر ذابح نے وقت ذبح کسی کا نام پکارا ہو اور مالک سے وہ نیت ناپاک ثابت ہونا بھی ذابح پر کچھ مؤثر نہیں جب تک خود اس سے بھی اسی نیت پر جان دینا ثابت نہ ہو کہ جب اس سے وہ نیت ثابت نہیں اور مسلمان اپنے رب عزّ وجل کا نام لے کر ذبح کر رہا ہے تو اس پر بدگمانی حرام و ناروا ہے ۔ اوہامِ تراشیدہ پر مسلمان کو معاذ اللہ مرتکب کفر سمجھنا حلالِ خدا کو حرام کہہ دینا ۔ نامِ الٰہی عزّ وجل جو وقتِ تکبیر لیا گیا باطل و بے اثر ٹھہرانا ہرگز وجہ صحت نہیں رکھتا ۔ اللہ عزّ وجل فرماتا ہے :-

وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ ۔

"تمہیں کیا ہوا کہ نہ کھاؤ اس جانور سے جس کے ذبح میں اللہ کا نام یاد کیا گیا ۔

امام فخر الدین رازی تفسیر کبیر میں فرماتے ہیں :

انما کلفنا بالظاھر لا بالباطن فاذا ذبحہ علی اسم اللّٰہ وجب ان

---

[1] پ ۷ ع ۷ : الانعام ، ترجمہ ۔ اور کوئی بوجھ اٹھانے والی جان دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائے گی ۔ (کنزالایمان)

Marfat.com

یحل ولا سبیل لنا الی الباطن۔

(یعنی ہمیں شرع مطہر نے ظاہر پر عمل کا حکم فرمایا ہے باطن کی تکلیف نہ دی۔ جب اس نے اللہ عزّ وجل کا نامِ پاک لے کر ذبح کیا جانور حلال ہو جانا واجب ہوا کہ دل کا ارادہ جان لینے کی طرف ہمیں کوئی راہ نہیں)

یہ چند نفیس وجلیل فائدے حفظ کے قابل ہیں کہ بہت ابناء زمان ان میں سخت خطا کرتے ہیں۔ وباللہ العصمۃ والتوفیق وبہ الوصول الی التحقیق واللہ سبحانہ اعلم وعلمہ جل مجدہ اتم واحکم۔

کتبہ عبدہ المذنب احمد رضا البریلوی
عفی عنہ بمحمدن المصطفیٰ النبی الامی
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

محمدی، سنی، حنفی قادری ۱۳۰۱ھ
عبد المصطفیٰ احمد رضا خان

Marfat.com

# فتویٰ

علّامۃ الہند

## مولانا معین الدّین اجمیری

(قُدِّسَ سِرُّہٗ)

(پہلی بار زیورِ طبع سے آراستہ کیا گیا)

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نحمدہ ونصلّی ونسلّم علیٰ رسولہ الکریم۔ وعلیٰ الہٖ واصحابہٖ اجمعین

## الجواب ھو الموفق للصواب

جبکہ ذبح کے وقت نامِ خدا ذکر کر دیا تو ذبیحہ حلال ہے خواہ اس کی نیت کچھ بھی ہو ذبیحہ کی حلّت وحرمت کا مدار نیت اور نذر پر نہیں بلکہ "رَفْعُ الصَّوْتِ بِذِکْرِ اللّٰہِ" (بلند آواز سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے پر ہے) باستثناء ایک خاص صورت کے جس کا ذکر آئے گا اگر ذبح کے وقت یہ ہو گیا ہے تو حلال ہے ورنہ حرام۔

اِہلال کے معنی تمام تفاسیر میں یہی لکھے ہیں رَفْعُ الصَّوْتِ بِذِکْرِ اللّٰہِ (بلند آواز سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا) لغت کی تمام کتابیں اس کی تائید میں ہیں۔ خود مُحرّمین ذبیحہ حلال کو بھی اس کا اعتراف ہے، پھر خواہ مخواہ نیت ونذر کی بحث کو دخل دے کر محض اپنے قیاس ورائے سے اس ذبیحہ کو حرام قرار دینا جس پر ذبح کے وقت نامِ خدا ذکر کر دیا گیا ہے سراسر ناانصافی وکج بحثی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ فقہاء کرام نے ذبح کے وقت "قول" کا اعتبار کیا ہے یا ایسے "فعل" کا جو عام طور پر مشرکین کرتے تھے۔ نیت ونذر ان کے نزدیک ذبیحہ کی حلّت وحرمت کے بارے میں کوئی اثر نہیں رکھتی۔

شامی وعالمگیری میں ہے۔

وَلَوْ سُمِعَ مِنْہُ ذِکْرُ اللّٰہِ تَعَالٰی لٰکِنَّہٗ عَنٰی بِاللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ

Marfat.com

اَلْمَسِيْحَ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالُوْا تُؤْكَلُ اِلَّا اِذَا نَصَّ فَقَالَ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ هُوَ ثَالِثُ ثَلَاثَةٍ لہ

(ترجمہ) اگر نصرانی سے ذبح کے وقت اللہ تعالیٰ کا نام سنا گیا لیکن اُس نے لفظ "اللہ" سے مسیح علیہ السلام کا ارادہ کیا تو مشائخ نے کہا ہے کہ ذبیحہ کھا لیا جا سکتا ہے۔ مگر جبکہ وہ یہ تصریح کر دے کہ بنام اس خدا کے جو تین خداؤں میں سے ایک ہے تو اب ذبیحہ حلال نہ ہوگا۔

دیکھئے! نیّت کس قدر مشرکانہ ہے؟ کہ لفظ اللہ سے مسیح علیہ السلام کا ارادہ کیا گیا، باوصف اس کے عام طور پر فقہاء کرام ایسے ذبیحہ کی حلّت کا فتویٰ دے رہے ہیں۔ شیخ سدّو کے بکرے اور کبیر اولیاء کی گائے کی صورت میں صرف نامزدگی ہے لیکن ذبح کے وقت اللہ کا نام ذکر کیا گیا ہے اور وہی اس کی مراد بھی ہے۔ پس یہ صورت جو شامی و عالمگیری میں ذکر کی گئی ہے اس سے زیادہ تیز ہے کہ یہاں عین ذبح کے وقت لفظ (اللہ) سے غیر اللہ مراد لیا جا رہا ہے۔ جب یہ ذبیحہ تک فقہاء کے نزدیک حلال ہے تو وہ ذبیحہ کیونکر حلال نہ ہوگا؟ جس کے متعلق سوال کیا گیا ہے۔

اب اس سے بڑھ کر تصریح سنیئے۔ فتاویٰ عالمگیری جلد ۵ مطبوعہ مصر میں ہے:۔

مُسْلِمٌ ذَبَحَ شَاةَ الْمَجُوْسِیِّ لِبَیْتِ نَارِهِمْ اَوِ الْكَافِرِ لِاٰلِهَتِهِمْ تُؤْكَلُ لِاَنَّهٗ سَمَّی اللّٰهَ تَعَالٰی. كَذَا فِی التَّتَارْخَانِیَةِ نَاقِلًا عَنْ جَامِعِ الْفَتَاوٰی ؎

(ترجمہ) مسلمان نے آتش پرست کی بکری ان کے آتشکدہ کے لئے یا کسی کافر کی بکری ان کے بتوں کے ذبح کی تو وہ حلال ہے، کھالی جائے گی کیونکہ مسلمان

---

لہ الفتاویٰ الهندیة، کتاب الذبائح (نورانی کتب خانہ پشاور) جلد ۵ ص ۲۸۵

؎ الفتاویٰ الهندیة، کتاب الذبائح ( " " ) جلد " ص ۲۸۶

Marfat.com

نے ذبح کے وقت اللہ تعالیٰ کا نام لے لیا ہے، ایسا ہی تاتارخانیہ میں جامع الفتاویٰ سے منقول ہے۔

دیکھئے! آتش پرست اور کافر کی بکری خاص آتشکدہ اور بتوں کے لئے ذبح کی جارہی ہے باوصف اس کے فقہاء کرام اس کی حلّت کا فتویٰ محض اس بناء پر صادر فرما رہے ہیں کہ ذبح کے وقت اللہ تعالیٰ کا نام ذکر کر دیا گیا۔ یہاں مسلمان محض آلۂ کار ہے۔ اصل نیت و نذر کافروں کی ہے جن کو وہ اپنی جانب سے تبدیل بھی نہیں کر سکتا۔ کیونکہ یہ کسی طرح نہیں ہو سکتا کہ بکری کسی کی اور نیّت و نذر دوسرے کی، جب ایسا ذبیحہ جس میں نیت محض مشرکانہ اور غیر اللہ کی نذر کے ساتھ بتوں کا تقرب بھی ہے، محض اللہ کا نام عند الذبح لینے سے فقہاء کرام کے نزدیک حلال ہے تو اس سے بداہۃً معلوم ہوا کہ وہ حلّت ذبیحہ کے بارے میں عند الذبح ذکر اللہ کو کافی سمجھتے ہیں اور نیّت و نذر کو اس باب میں کوئی دخل نہیں دیتے وہ صرف منطوقِ قرآن کریم کے پابند ہیں اور اس سے محض وہی ذبیحہ حرام ہے جس میں غیر اللہ کا ذکر بلند آہنگی کے ساتھ لیا گیا ہو، نیّت و نذر کو جب قرآن نے دخل نہیں دیا تو فقہاء کرام اپنی جانب سے محض قیاس اور رائے کی بناء پر نیّت و نذر کا اضافہ کر کے ایک حلال ذبیحہ کو کیونکر حرام کر سکتے ہیں؟ وہ منطوق قرآن سے سرِ مُو تجاوز نہیں کرنا چاہتے۔

اسی وجہ سے نیّت و نذر اور تقرب غیر اللہ کی صورتوں کو لکھ کر جن میں عِندَ الذَّبح اللہ تعالیٰ کا نام ذکر کیا گیا ہے۔ قرآن کریم کے اطلاق کو انہوں نے ذہن نشین کیا ہے۔

یہ مسئلہ کہ نیّت و ارادہ کو حلّت و حرمتِ ذبیحہ میں دخل نہیں عام علماء کرام کے نزدیک اس قدر طے شدہ ہے کہ اس پر امام رازی، تفسیر کبیر میں ایک اعتراض وارد کر کے اس کا جواب اس طرح دیتے ہیں:

Marfat.com

اَلثَّالِثُ (اَیِ الْاِعْتِرَاضُ الثَّالِثُ) اَنَّ النَّصْرَانِیَّ اِذَا سَمَّی اللّٰہَ تَعَالٰی اِنَّمَا یُرِیْدُ بِہِ الْمَسِیْحَ فَاِذَا کَانَتْ اِرَادَتُہٗ لِذٰلِکَ لَمْ تَمْنَعْ حِلَّ ذَبِیْحَتِہٖ مَعَ اَنَّہٗ یُھِلُّ بِہٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ فَکَذٰلِکَ یَنْبَغِیْ اَنْ یَکُوْنَ حُکْمُہٗ اِذَا اَظْھَرَ مَا یُضْمِرُہٗ عِنْدَ ذِکْرِ اللّٰہِ وَاِرَادَتِہِ الْمَسِیْحَ وَالْجَوَابُ عَنْہُ اَنَّا اِنَّمَا کُلِّفْنَا بِالظَّاھِرِ لَا بِالْبَاطِنِ فَاِذَا ذَبَحَہٗ عَلٰی اِسْمِ اللّٰہِ وَجَبَ اَنْ یَّحِلَّ وَلَا سَبِیْلَ لَنَا اِلَی الْبَاطِنِ۔ (تفسیر کبیر جلد ۲)

(ترجمہ) تیسرا اعتراض یہ ہے کہ جب نصرانی اللہ تعالیٰ کا نام لیکر مسیح علیہ السلام کا ارادہ کرے اور نیّت اور ارادہ ذبیحہ کے حلال ہونے میں مخلّ نہیں باوصف اس کے کہ وہ غیر اللہ کا ارادہ کر رہا ہے تو چاہیئے کہ اس کا حکم بھی یہی ہو، جبکہ دل کی بات ظاہر کردے (اور صراحۃً مسیح علیہ السلام کا نام لے لے) اس کا جواب یہ ہے کہ ہم ظاہر کے ساتھ مکلّف ہیں نہ کہ باطن کے ساتھ۔ پس جبکہ وہ ذبح کے وقت اللہ کا نام لے رہا ہے تو واجب ہے کہ ذبیحہ حلال ہو۔ اور باطن پر اطلاع ہمارا کام نہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ ذبیحہ کی حلّت وحرمت کا مدار ظاہر پر ہے نہ کہ باطن پر۔ بعض اکابر تابعین (۱) عطاء بن ابی رباح (۲) مکحول شامی (۳) حسن بصری (۴) عامر شعبی (۵) افضل التابعین سعید ابن المسیب، تو ظاہر کو بھی باطن کی طرح نظر انداز کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک صرف وہ ذبائح حرام ہیں جو بتوں پر چڑھائے جائیں اور ان کے سامنے ذبح کئے جاویں وہ کہتے ہیں "ما اھل بہ لغیر اللہ" سے "ذُبِحَ عَلَی النُّصُبِ" بتوں کے سامنے ذبح کرنا" مراد ہے۔ پس جو ذبائح بتوں کے سامنے ذبح کئے جائیں گے صرف وہی حرام

---

ا۔ التفسیر الکبیر۔ سورۃ البقرۃ (المطبعۃ البہیۃ المصریۃ مصر) جلد ۵ ص ۲۳۔

Marfat.com

ہوں گے۔ باقی ہر ایک قسم کے ذبائح ان کے نزدیک حلال ہیں، یہاں تک کہ اگر ذبح کے وقت کوئی نصرانی مسیح علیہ السلام کا نام بھی ذکر کر دے (حضرت مسیح کی نیت تو بجائے خود رہی) تو وہ ذبیحہ حلال ہے۔

تفسیر کبیر میں ہے:

"مِنَ النَّاسِ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْمُرَادَ بِذٰلِكَ ذَبَائِحُ عَبَدَةِ الْاَوْثَانِ الَّذِيْنَ كَانُوْا يَذْبَحُوْنَ لِاَوْثَانِهِمْ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَاَجَازُوْا ذَبِيْحَةَ النَّصْرَانِيِّ اِذَا سَمّٰى عَلَيْهَا بِاسْمِ الْمَسِيْحِ وَهُوَ مَذْهَبُ عَطَاءٍ وَمَكْحُوْلٍ وَالْحَسَنِ وَالشَّعْبِيِّ وَسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ [۱]

(ترجمہ) بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ سے وہ ذبائح مراد ہیں جو مشرکین بتوں پر چڑھاتے تھے جیسے حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ یعنی وہ جانور حرام ہیں جو بتوں پر چڑھائے گئے ہوں۔ ان حضرات نے اپنے اسی خیال کی بنا پر) نصرانی کے اس ذبیحہ تک کو حلال قرار دیا ہے جس پر مسیح کا نام ذکر کیا جائے، یہ مذہب عطاء بن ابی رباح، مکحول، حسن بصری، شعبی، سعید بن المسیب کا ہے۔

یہ حضرات ما اھل بہ لغیر اللہ کو بھی حلال کہتے ہیں جس طرح اس کے برعکس عہد حاضر کے بعض علماء (جن میں یہ حضرات مفتیین بھی شامل ہیں) ما اھل بہ لغیر اللہ سے متجاوز ہیں اور منطوق قرآنی سے انحراف کرنے والے ہیں۔ ان کے مقابلہ میں مذہب اعتدال ہے اور یہی مذہب جمہور علماء کرام، ائمہ عظام امام مالک، امام شافعی، امام اعظم اور ان کے اصحاب کا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب عند الذبح مسیح علیہ السلام کا

---

[۱] التفسیر الکبیر، سورۃ البقرۃ (المطبعۃ البہیۃ المصریۃ مصر) جلد ۵ ص ۲۳۔

نام ذکر کیا جائے تو "مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ" کا مصداق ہو گا لہذا وہ یقیناً حرام ہے اور عند الذبح اللہ کا نام ذکر کرنے کے بعد ذبیحہ حلال ہے کیونکہ "مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ" کے افراد میں سے نہیں ہے۔ اور جب اس کے افراد میں سے نہ ہو تو اس کے حلال ہونے میں کیا شبہ ہے؟ اب خواہ نیت کچھ ہی ہو۔

قرآن کریم سے جس قدر سمجھا جاتا ہے، اس پر سختی کے ساتھ یہ حضرات پابند ہیں نہ پہلے گروہ کی طرح حرام کو حلال کہتے ہیں نہ دوسرے طائفہ کی طرح حلال کو حرام قرار دیتے ہیں۔ قرآن کریم نے "مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ" کو حرام قرار دیا ہے یہ حضرات بھی اس کو حرام سمجھتے ہیں۔ اس ارشاد کو حق تعالیٰ کے دوسرے ارشاد "ماذبح علی النصب" پر حمل کر کے اس کی حلت کا فتویٰ نہیں دیتے جیسا کہ پہلے گروہ نے کیا ہے۔ اور جب کہ قرآن سے (بتوں کے سامنے ذبائح کے سوا) صرف "مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ" کی حرمت ثابت ہے تو وہ اس سے تجاوز کر کے مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ" کو اندرونی نیت و نذر غیر اللہ و نامزدگی کے باعث حرام کی فہرست میں داخل نہیں کرتے جیسا کہ دوسرے طائفہ نے کیا ہے۔

تفسیر کبیر میں تحت آیۃ مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ ہے:-

وَقَالَ مَالِكٌ وَالشَّافِعِیُّ وَاَبُوْحَنِیْفَةَ وَاَصْحَابُهٗ لَا یَحِلُّ ذٰلِكَ وَالْحُجَّةُ فِیْهِ اَنَّهُمْ اِذَا ذَبَحُوْا عَلٰی اسْمِ الْمَسِیْحِ فَقَدْ اَهَلُّوْا بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ فَوَجَبَ اَنْ یَحْرُمَ [1]

(ترجمہ) ائمہ ثلاثہ (امام مالک۔ امام شافعی۔ امام ابوحنیفہ) اور امام ابوحنیفہ کے اصحاب کہتے ہیں کہ ذبیحہ مفروضہ (یعنی نصرانی عند الذبح مسیح کا نام ذکر کرے) حلال نہیں ہے۔

اور اس کی دلیل یہ ہے کہ جب انہوں نے ذبح کے وقت مسیح کا نام ذکر کر دیا تو

---

[1] التفسیر الکبیر، (المطبعۃ البہیۃ المصریۃ مصر) جلد ۵ ص ۲۳

Marfat.com

انہوں نے غیر اللہ کا اہلال (یعنی بلند آہنگی کے ساتھ غیر اللہ کا ذکر) کر دیا۔ اس لیے ضروری ہے کہ یہ ذبیحہ حرام ہو جائے۔ ان تصریحات سے معلوم ہوا کہ جمہور علماء کرام و فقہاء عظام کے نزدیک ذبیحہ کی حلّت و حرمت کا مدار ذکر و عدمِ ذکر پر ہے نہ کہ کسی دوسری شے پر خواہ وہ نذر ہو یا نامزدگی۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے جو منقول ہے اس نے اس مسئلہ کو نہایت واضح کر دیا ہے۔

تفسیر کبیر میں ہے :-

رُوِیَ عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اَنَّہٗ قَالَ اِذَا سَمِعْتُمُ الْیَھُوْدَ وَالنَّصَارٰی یُھِلُّوْنَ لِغَیْرِ اللّٰہِ فَلَا تَاْکُلُوْا وَاِذَا لَمْ تَسْمَعُوْھُمْ فَکُلُوْا فَاِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی قَدْ اَحَلَّ ذَبَائِحَھُمْ وَھُوَ یَعْلَمُ مَا یَقُوْلُوْنَ [1]

(ترجمہ) حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے منقول ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب یہود و نصاریٰ سے ذبح کرتے وقت یہ سن لو کہ وہ غیر اللہ کا ذکر کرتے ہیں تو ایسے ذبیحہ کو نہ کھاؤ اور جبکہ نہ سنو تو کھا لو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اُن کے ذبائح کو حلال قرار دیا ہے اور جو وہ کہتے ہیں اس کو حق تعالیٰ خوب جانتا ہے۔

اصل یہ ہے کہ اہلال کے لغوی اور اصلی معنی "رَفْعُ الصَّوْتِ" کے ہیں اور اس کے جمیع استعمالات میں یہ ایک قدر مشترک ہے کسی امر باطن و مخفی پر اہلال کا اطلاق نہیں ہوتا حتیٰ کہ امام بخاری نے اپنی صحیح کی جلد اوّل کتاب الحج میں ارشاد فرمایا ہے :-

اَلْاِھْلَالُ کُلُّہٗ مِنَ الظُّھُوْرِ ۔ وَاسْتَھَلَّ الْمَطَرُ خَرَجَ مِنَ

---

[1] فتاویٰ عزیزی ۔ بیان گاؤ سید احمد کبیر (مطبع مجتبائی دہلی) جلد (۱) ص ۲۳

السَّحَابِ۔ وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ هُوَ مِنِ اسْتِهْلَالِ الصَّبِيِّ [1]

قاموس جلد ۴ میں ہے :

اِسْتَهَلَّ الصَّبِيُّ رَفَعَ صَوْتَهٗ بِالْبُكَاءِ كَاَهَلَّ [2]

منتہی الادب میں ہے :-

اھلال بر آمدن ماہِ نو و بآواز گریستن کودک و بر داشتنِ تلبیہ جز آں آواز را۔ وَمِنْهُ قَوْلُهٗ تَعَالٰی وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ۔ اے نُوْدِيَ عَلَيْهِ لِغَيْرِ اِسْمِ اللّٰهِ [3]

ان تصریحات میں اندرونی نیت ونامزدگی کی کہاں گنجائش ہے؟ اسی وجہ سے تمام تفاسیر قدیمہ میں جن پر کہ اعتماد ہے لفظ "اِهْلَال" کی تشریح بالاتفاق "رَفْعُ الصَّوْتِ بِذِكْرِ اللّٰهِ" کے ساتھ کی گئی ہے جس کا اعتراف حضرت شاہ عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ تک کو ہے لیکن باوصف اس کے وہ " اھلال " کی بجائے نیت ونامزدگی کو اصل قرار دیتے ہیں اور قرآن کریم میں بجائے نیّت، لفظ "اِهْلَال" وارد ہونے کے متعلق اپنے فتاویٰ میں ارشاد فرماتے ہیں :-

" وَاَمَّا مَا وَقَعَ فِي الْبَيْضَاوِيِّ وَغَيْرِهٖ مِنَ التَّفَاسِيْرِ اِنَّهُمْ قَالُوْا وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اَيْ مَا رُفِعَ الصَّوْتُ بِهٖ عِنْدَ ذَبْحِهٖ لِلصَّنَمِ فَمَبْنِيٌّ عَلٰى مَا جَرَتْ عَادَةُ الْمُشْرِكِيْنَ فِيْ ذٰلِكَ الزَّمَانِ كَانُوْا مُخْلِصِيْنَ فِي الْكُفْرِ وَكَانُوْا اِذَا قَصَدُوا التَّقَرُّبَ بِذَبْحِ بَهِيْمَةٍ اِلٰى غَيْرِ اللّٰهِ ذَكَرُوْا عَلَيْهَا عِنْدَ الذَّبْحِ اِسْمَ

---

[1] بخاری شریف عربی (مجتبائی دہلی) جلد اول ص۲۱۱

[2] القاموس المحیط۔ باب اللام۔ فصل الھاء (مطبعۃ مصطفی البابی مصر) جلد ۴ ص۷

[3] منتہی الادب۔ باب الھاء۔ فصل اللام (مطبعۃ اسلامیہ لاہور) جلد ۲ ص۳۸۹

Marfat.com

ذٰلِكَ الْغَيْرِ بِخِلَافِ مُشْرِكِي الْمُسْلِمِيْنَ فَاِنَّهُمْ يَخْلِطُوْنَ بَيْنَ الْكُفْرِ وَالْاِسْلَامِ فَيَقْصُدُوْنَ التَّقَرُّبَ بِالذَّبْحِ اِلٰى غَيْرِ اللّٰهِ وَيَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا وَقْتَ الذَّبْحِ فَالْاَوَّلُ كُفْرٌ صَرِيْحٌ وَالثَّانِيْ كُفْرٌ صُوْرَتُهٗ صُوْرَةُ الْاِسْلَامِ وَمَا كَانُوْا يَعْتَقِدُوْنَ اَنْ لَّا طَرِيْقَ لِلذَّبْحِ اِلَّا هٰذَا سَوَاءٌ كَانَ لِلّٰهِ اَوْ لِغَيْرِ اللّٰهِ [1]

مطلب یہ کہ کلام حق تعالیٰ کا منشاء تو یہ ہے کہ وہ ذبیحہ بھی حرام ہے کہ جس میں غیر اللہ کی نیّت یا نذر ہو لیکن ایسا عام لفظ کہ جو اس کو بھی شامل ہوتا اس وجہ سے نہ لایا گیا کہ قدیم مشرکین کا طریقِ ذبح مخصوص و مخلصانہ تھا۔ ایسی صورت کوئی ہویدا (ظاہر) نہیں ہوئی تھی کہ دل میں نیت غیر اللہ کی اور زبان پر ذکر اللہ کا۔ ورنہ پھر لفظِ عام ارشاد فرمادیا جاتا۔ حضرت شاہ صاحب کا یہ ارشاد ہماری فہم سے بالاتر ہے کیونکہ خدائے علیم و بصیر کے نزدیک حاضر و غائب و ماضی و استقبال سب ایک ہے۔ وہ کسی زمانہ کے مخصوص طریق پر اپنے کلام کو تنگ نہیں کر سکتا۔ اس نے جب قمارؔ (جوئے) کو حرام کیا تو لفظِ عام ارشاد فرمایا کہ جس کے احاطہ میں اگلے پچھلے تمام عہدوں کی صورتیں آگئیں۔ اور روز بروز نت نئی قمارؔ (جوئے) کی صورتیں ہویدا (ظاہر) ہو رہی ہیں وہ بھی اس کے مفہوم عام میں شامل ہیں۔ اسی طرح قیامت تک جتنی صورتیں پیدا ہوں گی وہ بھی اس مفہوم عام کے دائرہ سے نہیں نکلیں گی۔ قمارؔ کی اگر کسی مخصوص صورت پر حکم حرمت ثابت ہوتا تو وہی حرام ہوتی یا کم از کم دوسری جدید صورتوں میں شک واقع ہو جاتا۔ علاوہ ازیں ہم اس کے پابند ہیں کہ۔ النصوص تحمل علی ظواھرھا۔ اِتّباعُ اَلفاظِ النص کی چاہیئے۔ نہ یہ کہ کسی (مخترع) کے منشاء کے تابع، نصّ کو کر دیا جائے

---

[1] فتاویٰ عزیزی (مجتبائی دہلی) ج ۱: ص ۳

Marfat.com

یوں ہو تو پھر ملحدین و زنادقہ کے تصرفات کا باب کھل سکتا ہے کہ وہ ہر ایک نص میں ایک سبب یا منشاء قائم کر کے الفاظِ نص میں عموم یا خصوص پیدا کرنے لگیں۔ یہی وجہ ہے کہ فقہاء کرام رحمہم اللہ تعالیٰ نے لفظ "اہلال" کے لغوی معنی (کہ اسی کا اعتبار ہے) سے سرِ مو تجاوز نہیں کیا اور اس قسم کی رکیک (کمزور) تاویلات سے ان کا دامن پاک رہا اور اس لفظ کے ماتحت انہوں نے جزئیات قائم کئے۔

جناب مولوی اشرف علی صاحب تھانوی نے اس کے متعلق نہایت عجیب تحقیق فرمائی ہے۔ چنانچہ اپنی تفسیر بیان القرآن میں فرماتے ہیں :-

"اکثر مفسرین نے "اُھِلَّ" کی تفسیر ذبح علی اسم غیر اللہ کی ہے۔ معلوم ہوا کہ وہی جانور مُردار ہے جس کو بجائے بسم اللہ، غیر اللہ کا نام لے کر ذبح کیا ہو۔ جواب اس کا یہ ہے کہ اس تفسیر سے حصر لازم نہیں آتا بلکہ مطلق کہا جائے گا کہ حرام کا ایک فرد یہ بھی ہے۔ چونکہ جاہلیت میں اس کا زیادہ رواج تھا اس لئے یہ تفسیر کر دی گئی۔ غایۃ مافی الباب یہ تفسیر مذکور دوسرے فرد سے ساکت رہے گی، سو اس میں کچھ ضرر نہیں جبکہ اور دلائل حرمت کے موجود ہیں جن میں ایک تو یہی آیت ہے کیونکہ اہلال لغۃً عام ہے مطلق نامزد کر دینے میں[1]

آپ کے ارشاد کا یہ جملہ "ایک تو یہی آیت ہے کیونکہ اہلال لغۃً عام ہے مطلق نامزد کر دینے میں"، خصوصیت کے ساتھ یاد رکھنے کے قابل ہے۔ تصریحات بالا سے ناظرین پر واضح ہو گیا ہو گا کہ لفظ اِہلال کے معنی لغۃً ہرگز مطلق نامزد کر دینے کے نہیں ہیں۔ اور اگر یہ مسلّم بھی ہو تو پھر دوسرا فرد بھی لغۃً آیت کے تحت میں آگیا اس سے سکوت کا کیا مطلب؟۔ جو حضرات کہ الفاظِ نص سے تجاوز کر جاتے ہیں اُن کی قیاس آرائیاں بھی

---

[1] تفسیر بیان القرآن، مجتبائی دہلی، جلد اوّل ص۸۷

Marfat.com

عجیب ہوتی ہیں۔

حضرت شاہ صاحب اندرونی نیت کی بنا پر ذبیحہ کو حرام ارشاد فرما کر (جو ہنوز ذبح بھی نہیں ہوئے اور اس وجہ سے اس کو ذبیحہ کہنا بھی مجاز ہے) اپنے فتاویٰ اور تفسیر میں ارشاد فرماتے ہیں :-

"ہر گاہ ایں خُبث در وے سرایت کرد، دیگر بذکر نامِ خدا حلال نمی شود، مانند سگ و خوک کہ اگر بنامِ خدا مذبوح شوند حلال نمی گردند"۔

اس تصریح سے حضرت شاہ صاحب کا مقصد یہ ہے کہ اگر کوئی ایسے ذبیحہ کی حرمت پر (کہ جن میں نیت غیر اللہ کی ہو اور عند الذبح اللہ کا نام ذکر کر دیا جائے) یہ شبہ کرے کہ اللہ کے نام کے ذکر کر دینے کا بھی تو اثر ہونا چاہیئے گو کہ نیت فاسد سہی۔ تو اس کو اس طرح رفع فرماتے ہیں کہ وہ مثل سگ و خوک (کتے اور خنزیر) کے ہو گیا۔ جس طرح انہیں نامِ خدا کا ذکر ان کی حلت کا موجب نہیں اسی طرح یہ ذبیحہ، قبل ذبح حرمت کی حیثیت سے خوک و سگ کے افراد میں شامل ہو گیا، گو کہ اس کی صورت بکری یا گائے کی ہے لیکن اس میں جو حرج ہے وہ ظاہر ہے کہ ایسا ذبیحہ اگر کسی کی میراث میں آگیا اور اس کو نیت کا علم باوصف اشتہار نہ ہوا تو وہ ایسے خوک و سگ کو جس کی صورت بکری اور گائے کی ہے اللہ کا نام ذکر کر کے ذبح کر دے گا۔ اب اس قسم کے حرام ذبیحوں اور اکلِ حرام سے بچنا قیامت ہے۔ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے :-

"مَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ"[1]

اور اس سے بڑھ کر کیا حرج ہو گا؟ اور اگر وارث کی لاعلمی پر یہ حلال ہو سکتا ہے تو پھر اندرونی نیت و نذر کی لاعلمی پر وہ ذبائح بھی حلال ہونے چاہئیں جن کی حرمت کا فتویٰ ان حضرات نے دیا ہے اور نیت و نذر کو کالعدم قرار دینا چاہیئے جیسا کہ فقہاء کرام

---

[1] تم پر دین میں کوئی تنگی نہیں رکھی۔ ۲۲/۷۸

Marfat.com

اور جمہور علماء نے کیا ہے۔

جناب مولوی اشرف علی صاحب تھانوی نے جب دیکھا کہ عام طور پر فقہاء نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ :-

"اِنَّ الْمَدَارَ عَلَی الْقَصْدِ عِنْدَ اِبْتِدَاءِ الذَّبْحِ" [1] جیسا کہ شامی بحر الرائق وغیرہ میں مذکور ہے۔ پہلی نیت (اگر اس کو دخل بھی ہے تو وہ) دوسری نیت سے منسوخ ہو سکتی ہے تو حضرت شاہ صاحب جس کی تجویز میں یہ ترمیم کرتے ہیں:

"البتہ اگر اس طرح نامزد کرنے کے بعد اس سے توبہ کر لے پھر وہ حلال ہو جاتا ہے"

مطلب یہ ہے کہ اگر توبہ کے بعد پھر اس سے منحرف ہو جائے تو وہ پھر حرام ہو جائے گا، اور ایک حلال بکرا نیتوں کی گوناگوں تبدیل (تبدیلیوں) سے صدہا بار سگ وخنزیر ہو کر بدستور پھر حلال بکرا بن سکتا ہے۔ دیکھئے! نص سے ادنیٰ تجاوز کرنے سے کیا کیا بوالعجب صورتیں پیدا ہو رہی ہیں؟ یہی وجہ ہے کہ فقہاء کرام نص کی پابندی کرتے ہوئے اندرونی نیت کا اعتبار نہیں کرتے۔ اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جس طرح نیت قابلِ اعتبار نہیں اس کا قبل الذبح اشتہار بھی سودمند نہیں۔

البتہ اگر عند الذبح اس کا اظہار ہو جائے تو اس کا فقہاء کرام اعتبار کرتے ہیں لیکن بغیر اعلان واظہار وہ نیت کو کالعدم ٹھہراتے ہیں۔ اور قبل الذبح تو اعلان واظہار کا بھی اعتبار نہیں کرتے۔ دیکھئے یہ حکم کس قدر معقول ومؤیّد بالدرایت ہے کہ ذبح کے بیشتر حلال جانور حلال ہی ہوتا ہے سگ وخنزیر نہیں بنتا نہ خیالات کی تبدیلی سے جون بدلتا ہے۔ جو کچھ اس کی حلت وحرمت ہو گی وہ ذبح کے وقت ہو گی۔ پس وہ حلت وحرمت کا مدار عند الذبح پر رکھتے ہیں نہ کہ امر باطن پر اور اس میں بُو غیر محدود مصالح

---

[1] ردالمحتار۔ کتاب الذبائح (مطبع مصطفیٰ البابی مصر) ۲۱۷/۵

Marfat.com

ان کا احاطہ نہیں ہوسکتا۔ اور اس کے خلاف میں جس قدر مفاسد ہیں وہ بھی حد حصر و شمار سے خارج ہیں۔

فقہاء کرام کا یہ مسلک اس پر مبنی ہے کہ " مدار الاحکام علی الظاھر " (احکام کا دارومدار ظاہر پر ہے) البتہ ظاہر میں وسعت دیتے ہیں خواہ وہ قول ہو، یا فعل۔ اُن کے نزدیک ذبیحۂ حرام کی کل دو صورتیں ہیں اور جن کی تصریح نص قرآنی میں آچکی ہے۔

اول : مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ

ثانی : مَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ "یعنی جو جانور بتوں کے نزدیک ذبح کیا جاوے"

پہلی صورت میں قول ہے اور دوسری میں فعل۔ یعنی ایسا فعل جو اپنی ہیئاۃ کذائیہ سے غیر اللہ کی تعظیم کا منظر پیش کر رہا ہو۔ اس صورت میں فقہاء نیت تو کیا قول تک کا اعتبار نہیں کرتے کہ فعل کا درجہ قول سے بھی بڑھا ہوا ہے۔

بتوں کے سامنے جانور کا ذبح کرنا ایسا فعل ہے جس سے بتوں کی بغایت تعظیم سمجھی جاتی ہے اور یہی غایت تعظیم شرع میں عبادت قرار دی گئی ہے۔ پس جبکہ صراحۃً بتوں کی عبادت کا منظر سامنے آگیا تو اب دل میں اللہ کے لئے عبادت کی نیت کرنا یا اس کی نذر کرنا حتیٰ کہ زبان تک سے اللہ کا نام لینا اس منظر شنیع کا کیا تدارک کرسکتا ہے؟ وحدہٗ لاشریک لہٗ کی انہوں نے اپنے فعل و کردار سے توہین کردی۔ محض نیت و ذکر سے اس نقصان کا کیا جبر ہوسکتا ہے بلکہ ایسی حالت میں خدائے تعالیٰ کے عبادت کی نیت اور اس کا ذکر خدائے تعالیٰ کے ساتھ ایک مذاق ہے اور اس کا درجہ بت سے بھی پست کرنا ہے کہ فعل کا (جو ظاہر و محسوس ہے) تعلق بُت کے ساتھ اور اندرونی نیت و محض زبانی جمع خرچ اللہ تعالیٰ کے ساتھ، یہ بات کسی طرح شایانِ شان معبودِ حقیقی نہیں ہے۔

Marfat.com

ایسی حالت میں خدائے تعالیٰ کا نام ذکر کرنے کے بعد بھی ذبیحہ حرام قرار پائے گا، جس کے متعلق عقل بھی یہی فیصلہ کرتی ہے اور نص بھی صراحۃً پورے اطلاق کے ساتھ وارد ہوگئی ہے۔ ایسا منظر جہاں متحقق ہو گا فقہاءِ کرام حرمت ذبیحہ کا حکم صادر فرما دیں گے اور اسی پورے اطلاق کے ساتھ کہ جس طرح نص میں ہے۔

مَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ عام ہے اس سے کہ اس پر نامِ خدا ذکر کیا گیا ہو یا نہ ذکر کیا گیا ہو اس کا حکم نص قرآنی میں یہ ہے کہ "حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ" یعنی ایسا ذبیحہ حرام ہے۔

فقہاءِ کرام بھی نص کی اتباع کرتے ہوئے اسی کے قائل ہیں اور اس کی تصریح کرتے ہیں کہ ایسی حالت میں نامِ خدا بھی اگر ذکر کر دیا جائے تو ذبیحہ حرام ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ فعل سے ایسا منظر پیش نظر ہو جاوے جو "مَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ" کا صحیح مصداق ہو۔

فقہاءِ کرام کے نزدیک صنم کا انحصار سنگ کی مخصوص صورتوں میں نہیں ہے بلکہ ہر ایک غیر اللہ جس کی تعظیم و پرستش اللہ تعالیٰ کی طرح کی جاوے وہ ان کے نزدیک صنم و نُصُب کا مصداق ہے خواہ وہ کوئی ہو۔ کوئی بادشاہ وامیر ہو یا کوئی قبر ہو۔ وہ کسی کا استثناء نہیں کرتے۔ بنائے علیہ وہ تصریح کرتے ہیں کہ وہ ذبائح حرام ہیں جو قبور کے سامنے[۲] ذبح کئے جاویں، نہ اس وجہ سے کہ یہاں کوئی اندرونی نیت فاسد ہے، یا فاسد نیت کا پہلے اشتہار رہا، بلکہ اس وجہ سے حرام قرار دیتے ہیں کہ یہ فعل مشرکین

---

[۱] جہاں ان کی عبادت مروّج ہو یا جو قوم ان کی عبادت کرتی ہو اور اس میں معروف ہو۔ ۱۲

[۲] بشرطیکہ وہاں علاقہ میں یا ذابحین میں قبروں کی عبادت مروّج ہو ان صورتوں کے بغیر یہ فعل ظاہر منظر پیش نہیں کرتا اور نہ ہی بداہۃً متحقق ہو سکتی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ لوگ مرتد ہیں اور مرتد کا ذبیحہ حرام ہو گا۔ کیونکہ ذبح سے قبل تقرّب لغیر اللہ کے پائے جانے سے ارتداد متحقق ہو جاتا ہے۔ ۱۲

(محمد عبد القیوم قادری ہزاروی)

Marfat.com

کے افعال کے ساتھ پوری مشابہت رکھتا ہے اور اس فعل سے بداہۃً تعظیم قبر سمجھی جاتی ہے ایسی حالت میں اگر ذابحین کی نیت نیک بھی ہو اور وہ خالص اللہ تعالیٰ کے لئے ہی ذبح کریں اور ساتھ اس کے اللہ تعالیٰ کا نام بھی ذکر کردیں، تب بھی فقہاء کرام اس ذبیحہ کو حرام قرار دیں گے۔ ذبیحہ کی حلّت و حرمت میں اگر محض نیت کو دخل ہوتا تو وہ ایسے ذبیحہ کو حلال سمجھتے، حالانکہ تمام فقہی کتابیں ایسے ذبیحہ کی حرمت کا فیصلہ کررہی ہیں جیساکہ درمختار وغیرہ کی تصریحات ہیں کہ ایسا ذبیحہ عندالذبائح خدائے تعالےٰ کا نام ذکر کرنے پر بھی حرام ہی ہوگا۔ اندرونی نیّت تو بجائے خود رہی، خود محرّمین ذبیحۂ حلال بھی اس ذبیحہ کو حلال نہیں کہتے اگرچہ نیّت، صالح اور نیک ہو اور خاص خدائے تعالیٰ کے لئے ذبح کیا گیا ہو۔

پس جبکہ نیّت کا یہ حضرات بھی اعتبار نہیں کرتے اور محض قبر پر ذبح ہونے کو علّتِ حُرمت قرار دیتے ہیں تو ان کو کیا حق ہے؟ کہ محض اپنے عقل قیاس کی بنا پر نیّت و نامزدگی کو دخل دے کر ذبیحۂ حلال کو حرام گردانیں۔

اصل یہ ہے کہ بعض افعال، بغیر لحاظِ نیّت ایسے ہیں کہ ان کو شرع مطہّر نے علامت تکذیب و انکار قرار دیا ہے جب ان افعال کا صدور ہو جائے گا حکم انکار و تکذیب صادر کر دیا جائے گا۔ گو کہ دل میں حقیقۃً انکار و تکذیب بلکہ شرک سے آلودگی تک نہ ہو۔

شرح عقائد نسفی میں ہے :۔

" فَلَوْحَصَلَ هٰذَا الْمَعْنٰی ( اَیِ التَّصْدِیْقُ الْقَلْبِیُّ) لِبَعْضِ الْکُفَّارِ کَانَ اِطْلَاقُ اِسْمِ الْکَافِرِ عَلَیْهِ مِنْ جِهَةِ اَنَّ عَلَیْهِ شَیْئًا مِنْ اَمَارَاتِ التَّکْذِیْبِ وَالْاِنْکَارِ کَمَا لَوْفَرَضْنَا اَنَّ اَحَدًا صَدَّقَ بِجَمِیْعِ مَا جَاءَ بِهِ النَّبِیُّ

Marfat.com

صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَقَرَّ بِہٖ وَعَمِلَ بِہٖ وَمَعَ ذٰلِکَ شَدَّ الزُّنَّارَ بِالْاِخْتِیَارِ اَوْ سَجَدَ لِلصَّنَمِ بِالْاِخْتِیَارِ نَجْعَلُہٗ کَافِرًا لِمَا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَعَلَ ذٰلِکَ عَلَامَۃَ التَّکْذِیْبِ وَالْاِنْکَارِ [1]

(ترجمہ) اگر یہ "ایمان" وقلبی تصدیق بعض کافروں کو حاصل ہوجائے تو کافر کا اطلاق اس پر اس وجہ سے ہوگا کہ تکذیب وانکار کے علامات اس میں پائے جاتے ہیں۔ مثلاً اگر ہم فرض کریں کہ کسی شخص نے اُن تمام امور کی تصدیق کی جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لاتے ہیں اور اُن کی تصدیق واقرار کیا اور ان پر عامل بھی ہوا اور باوصف اس کے اپنے اختیار سے زُنّار باندھا اور بت کو سجدہ کیا تو ہم اُس کو کافر قرار دیں گے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان امور کو تکذیب و انکار کی علامت قرار دیا ہے۔

دیکھئے! تصدیقِ قلبی اور نیّت خالصہ صالحہ واقرارِ لسان کوئی چیز ان میں سے اس کے مومن بنانے میں کارآمد نہ ہوئی جبکہ ایسا فعل وہ اختیار کئے ہوئے ہے کہ جو انکار وتکذیب کی علامت ہے۔

اسی طرح عین قدومِ امیر کے وقت جانوروں کا ذبح کرنا ایسا فعل ہے جو بداہتہً اس کی غایت تعظیم کا منظر سامنے پیش کر دیتا ہے یہ ایسا ہے جیسے کسی رئیس کی آمد پر سلامی کی توپ داغنا، کہ اس قسم کے افعال سے رئیس کی تعظیم ہی سمجھی جائے گی خواہ نیّت کچھ ہی ہو اور تاویل کچھ ہی پیش کی جائے کہ توپ چلانے سے مقصد کھیت

---

[1] شرح العقائد النسفیۃ۔ (بحث الایمان (مطبع شوکت الاسلام، قندھار افغانستان) صفحہ ۱۲

سے گیدڑوں کا دفع کرنا تھا۔ اس قسم کی تاویلات جس طرح یہاں مفید و کارآمد نہیں ہیں۔ اسی طرح قدومِ امیر کے وقت عند الذبح خدا کا نام لینا تک اُس ذبیحہ کو حلال نہیں کرسکتا جبکہ ایسا فعل نمودار ہوگیا جو غایتِ تعظیم امیر پر دلالت کر رہا ہے۔ اسی طرح منظرِ تعلیم کی طرف اشارہ کرنے کے لئے فقہائے کرام عام طور پر یہ ارشاد فرماتے ہیں کہ :-

" لَوْ ذَبَحَ عِنْدَ قُدُوْمِ الْاَمِیْرِ " یہ کسی نے تحریر نہیں کیا کہ " لَوْ ذَبَحَ لِلْاَمِیْرِ "

کیونکہ محض امیر کی خاطر جانور ذبح کرنا اور شے ہے اور اس کے عین استقبال کے وقت اس کے سامنے دھڑا دھڑ جانوروں کا ذبح ہونا وہ منظر پیش کر دیتا ہے جو مشرکین بتوں کے سامنے کیا کرتے تھے اس وجہ سے فقہاء نے اس صورت کو "مَاذُبِحَ عَلَی النُّصُبِ " کے افراد میں شمار کر کے علی الاطلاق حکمِ حرمت صادر فرمایا۔ یہاں سوال نیّت کا نہیں ہے بلکہ یہاں مدِنظر فعل ہے۔

محرّمین ذبیحۂ حلال کو یہ محسوس فعل نظر نہ آیا اور اس لئے انہوں نے حلّت و حرمت ذبیحہ کے بارے میں نیّت و نامزدگی اختراع فرمائی اور اس بناء پر غیر اللہ کے ساتھ نامزد جانور کو حرام ارشاد فرما گئے، جس پر عند الذبح اللہ کا نام ذکر کیا گیا ہے۔ اور فرمانے لگے کہ یہاں ذکر اللہ بھی مفید نہیں ہے۔ ہم کہتے ہیں یہاں آپ کی نیّت صالح بھی مفید نہیں۔

صورت مسئولہ میں آپ کے زعم کے مطابق حلّت ذبیحہ میں نیّت مؤثر تھی لیکن یہاں نیت بھی مؤثر نہیں ہے ورنہ صاف ارشاد فرما دیجئے کہ ذبح علی القبور و ذبح عند قدوم الامیر کے وقت اگر نیّت خالص اللہ تعالیٰ کے لئے ہو تو وہ ذبیحہ حلال ہے۔ اور اگر ایسا ارشاد فرمانے میں اس وجہ سے تامّل کریں کہ یہاں فعل نے

Marfat.com

نیّت و ذکر سب کو کالعدم کر دیا ہے تو اس صورت نے آپ کے اس کلیہ کو بھی درہم برہم کر دیا کہ :-

"مدارِ حلّ و حرمتِ ذبیحہ بر قصد و نیّتِ ذابح است"

(ذبیحہ کے حلال اور حرام ہونے کا دار و مدار، ذبح کرنے والے کی نیّت پر ہے)

باوصف اس کے یہ آپ حضرات کی معصومیّت ہے کہ در مختار، ملفوظات حضرت مجدّد الف ثانی وغیرہ سے ایسی تصریحات قلمبند فرما گئے جو بجائے آپ کے، ارباب حق کو مفید ہو گئیں۔ جو کہتے ہیں کہ بعض صورتوں میں مدار قول پر ہے اور بعض میں مدار فعل پر ہے اور اس وجہ سے ذبیحۂ مسئولہ حلال ہے ؎

یہ عذرِ امتحانِ جذبِ دل کیسا نکل آیا
میں الزام اُن کو دیتا تھا قصور اپنا نکل آیا

اس کے علاوہ اس صورت مفروضہ پر غور کیجئے کہ ایک شخص نے خالصاً للہ تعالیٰ ایک جانور ذبح کرنے کا ارادہ کیا اور عند الذبح سہواً غیر اللہ کا نام بلند آہنگی کے ساتھ نکل گیا۔ فرمائیے یہ حلال ہے یا حرام؟ اگر حرام ہے تو نیت کالعدم ہو گئی جو محرمین ذبیحۂ حلال کے نزدیک مدار حلّت و حرمت تھی۔ دوسرے یہ کہ اہلال بمعنی نیّت و نامزدگی نہ رہا بلکہ بمعنی رفع الصوت رہ گیا جس کے فقہاءِ کرام اور ارباب حق قائل تھے۔ اور اگر اس کو حلال ارشاد فرماتے ہو (دراں حالیکہ آپ حضرات کے سوا تمام امت محمدیہ کا اتفاق ہے کہ یہ حرام ہے کیونکہ یہ مَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کا مصداق ہے) تو پھر جس طرح ذبیحۂ مسئولہ کو (جو حلال ہے) آپ نے حرام قرار دیدیا ہے اسی طرح اس ذبیحہ کو جو مصداق آیت کریمہ حرام ہے حلال قرار دے لیجئے۔ تاکہ یہ حلّت آپ کی حرمت کا کفارہ ہو جائے۔ اور اگر آپ یہ ارشاد فرما دیں کہ نیت صرف حرام کر سکتی

Marfat.com

ہے۔ حلّت میں اس کو دخل نہیں۔ تو پھر آپ کی یہ اصل غلط ہو جائے گی کہ "مدارِ حلّ وحرمتِ ذبیحہ بر قصد ونیّت ذابح است" اس قسم کی دشواریاں اُن کو پیش آتی ہیں جو جادۂ حق سے منحرف ہو جاتے ہیں۔

فقہاءِ کرام اور ان کے متبعین اربابِ حق کو کوئی مشکل درپیش نہیں۔ ان کے نزدیک ہر دو آیت کریمہ "وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ" "وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ" دونوں عام و مطلق ہیں۔ ان ہر دو آیۃ کے ماتحت انہوں نے مدار قول وفعل پر رکھا ہے جب نیّت کا آیت میں ذکر نہیں ہے تو وہ اس کا کیوں لحاظ کرتے؟ اور جب لحاظ نہیں ہے تو نیّت کی مطابقت وعدمِ مطابقت کا سوال ہی درمیان سے اٹھ جاتا ہے۔ اب صرف واقعہ کی صورت حال باقی رہ جاتی ہے اور اس میں کوئی دشواری نہیں۔ اس قول وفعل کی تقسیم پر (کہ جو ہر دو آیت کی بناء پر ہے) تمام خلفشار دور ہو جاتا ہے اور فقہاءِ کرام کی عبارات میں تناقض باقی نہیں رہتا۔

اسی طرح ایک دوسرا تناقض بھی اٹھ جاتا ہے کہ فقہاءِ کرام نے نذر غیر اللہ کو حرام قرار دیا ہے ایسا کرنے والے کو ملعون تک لکھا ہے۔ ایسے فعل کو وہ شرک بھی لکھتے ہیں۔ باوصف اس کے اس ذبیحہ کو حلال کہتے ہیں جس میں اللہ کا ذکر ہوا اور لفظ اللہ سے مراد مسیح ہو۔ ان کے نزدیک وہ ذبیحہ بھی حلال ہے جس میں مسلمان اللہ کا نام لینے والا محض آلہ کار ہوا اور نیّت ونذر کافر کی۔ جس کی تصریحات گذر چکی ہیں۔ یہ کیا تناقض وخلط مبحث ہے؟ لیکن اس میں نہ درحقیقت خلط مبحث ہے نہ تناقض۔ البتہ محرّمین ذبیحۂ حلال نے ضرور خلط مبحث کیا ہے اور تناقض ان کے فہم کی بناء پر ہے نہ کہ واقع میں۔

فقہاءِ کرام فقہاء ہیں وہ فعل اور عین میں فرق کرتے ہیں۔ ذبح اور ذبیحہ کو ایک نہیں سمجھتے۔ ذبح ذابح کا فعل ہے۔ ذبیحہ ذابح کا فعل نہیں ہے۔ بلکہ وہ ایک

Marfat.com

عین قائم بالذات ہے۔ ان کے نزدیک ذبیحہ کی حلّت وحرمت اور چیز ہے اور خود ذابح کا فعل غیر اللہ یا اللہ کے لئے ذبح یا نذر للہ یا لغیر اللہ دوسری شے ہے۔

جب ذابح کے فعل سے بحث کریں گے تو اسی کے متعلق احکام ذکر کریں گے اور ذبیحہ کی حلّت وحرمت یا اس کے اکل (کھانے) کی حلّت وحرمت کو نظر انداز کردیں گے، اسی طرح جب حلّت وحرمتِ ذبیحہ پر قلم اٹھائیں گے تو ان کے پیش نظر صرف ذبیحہ ہوگا۔ فعل ذابح قلم انداز کردیں گے۔ اس مقام پر عام طور سے الفاظ "یُؤکَلُ" اور "لَا یُؤکَلُ" ذکر کرتے ہیں تاکہ یہ ذہن نشین ہوجائے کہ یہاں مقصد صرف اَکلِ ذبیحہ و عدم اَکلِ ذبیحہ ہے۔ فعلِ ذابح سے بحث نہیں کہ وہ حلال ہے یا حرام۔ اس کو علیحدہ مستقل طور پر ذکر کریں گے۔ یا ایک کو قصدی طور پر اور دوسرے کو ضمنی طریق سے ادا کریں گے لیکن دونوں کے احکام میں خلط مبحث نہیں کریں گے اور نہ ایک کا حکم دوسرے کو دیں گے۔

ان کی یہ عادت تمام مسائل میں ہے۔ ایک مسئلہ فقہیہ سے یہ بات ذہن نشین ہوسکتی ہے مثلاً کسی نے کسی دوسرے شخص کی کوئی قیمتی شے غصب کرلی اور بجائے اس شے کے واپس کرنے کے اس کی قیمت ادا کردی تو فقہاءِ کرام یہ حکم صادر کرتے ہیں کہ غاصب قیمت ادا کرنے کے بعد شئے کا مالک ہوجائے گا۔ ان کے اس فیصلہ میں نکتہ یہ ہے کہ ایک شخص دونوں چیزوں "شے[1] اور قیمتِ[2] شے" کا مالک نہیں ہوسکتا جب مغصوب منہ نے شے کی قیمت لے لی تو بالضرورۃ شے اس کی ملک سے نکل کر غاصب کی ملک میں آجانا چاہئے۔ ورنہ پھر مغصوب منہ عوض[1] و معوض[2] عنہ دونوں کا مالک ہوجائے گا۔ اس صورت میں عوض، عوض رہے گا نہ قیمت، قیمت قرار پائے گی۔

ان کے اس فیصلہ سے یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ وہ غصب کو جائز مانتے ہیں۔ اُن کے

Marfat.com

نزدیک غصب بالکل ناجائز و حرام ہے لیکن جب کہ کسی نے یہ ناجائز فعل اختیار کر لیا اور قیمت دیدی اور مغصوب منہ نے قیمت وصول کر لی تو اس کا حکم بیان کرنا ضروری ہے۔ غصب کے ناجائز ہونے سے غاصب کا تملک ناجائز نہیں ہوسکتا۔ غصب کی سزا کا وہ ضرور مستحق ہے لیکن شے کا وہ مالک ہوگیا جبکہ سابق مالک نے اس کی قیمت لے لی۔ نکاح فاسد، فاسد و حرام ہے لیکن ..... اولاد کا نسب صحیح و ثابت مانا جائے گا۔

نماز، دارِ مغصوبہ میں اگر پورے ارکان کا لحاظ کر کے ادا کی گئی ہے تو وہ صحیح و درست ہے، اس کی قضا واجب نہیں لیکن ملکِ غیر کو اتنے وقت تک بغیر اس کی اجازت کے اپنے تصرّف میں رکھنا سراسر ناجائز ہے۔

پس اس میں کوئی استبعاد نہیں کہ نذر غیر اللہ ناجائز حرام بلکہ شرک ہو لیکن ذبیحہ حلال ہو۔ اسی طرح ذابح کا فرو مشرک ہو لیکن ذبیحہ حلال طیب۔ ذبیحۂ اہل کتاب کو عام فقہاء حلال کہتے ہیں اور اس سے شاید محرّمین ذبیحہ حلال کو بھی انکار نہ ہوگا حالانکہ ذابح کافر ہے۔ پس ذابح کے کفر اور مشرکانہ نیّت کا اثر خود اس کی ذات پر ہوگا نہ کہ ذبیحہ پر۔

یہ حضرات یہ سمجھے ہوئے ہیں کہ فعل ذابح جبکہ ناجائز حرام ہے تو ذبیحہ کو بھی ناجائز و حرام ہونا چاہیئے۔ اسی وجہ سے ذبیحہ کی حرمت کے سلسلہ میں نذر غیر اللہ اور تقرّب لغیر اللہ کی حرمت کی تصریحات بے دلیل بے تکان نقل کرتے گئے ہیں۔ حالانکہ ان افعال کو اربابِ حق بھی ناجائز و حرام بلکہ شرک کہتے ہیں۔ یہ درحقیقت ان حضرات کی سادہ لوحی و فقدانِ تمیز ہے ورنہ ایسا کون ہے جو تقرّب لغیر اللہ کو جائز قرار دیتا ہو۔

لُطف یہ کہ سوال ذبیحہ کی حلّت و حُرمت کے متعلق تھا اور یہ ذابح کے افعال کے متعلق جواب دے رہے ہیں۔ رسمِ افتاء سے بھی یہ حضرات ناواقف ہیں۔ ان کے نزدیک صحتِ افعال اور ان کی مقبولیّت میں بھی فرق نہیں۔ ریا کاری کی نماز مقبول نہیں اس کو فقہاء و صوفیہ نے شرک خفی سے تعبیر کیا ہے باوصف اس کے اگر

Marfat.com

ارکان پورے طور پر ادا کئے گئے ہیں تو نماز صحیح ہے اس کا اعادہ واجب نہیں۔ فقہا، صحتِ نماز کا حکم دیں گے اور اس کو واجب الاعادہ نہ کہیں گے۔ رہی اُس کی نماز کی قبولیت وہ امرِ آخر ہے اس سے جب سوال ہو گا تو اس کا بھی یہی جواب ہو گا کہ ایسی نماز مقبول نہیں۔

پس فعل ذبح کا مقبول ہونا، یا مردود ہونا اور چیز ہے اور ذبیحہ کا قابلِ اکل ہونا یا نہ ہونا شئ دیگر ہے۔ اسی طرح نیّت کا اثر فعل ذبح پر ہو گا نہ کہ ذبیحہ پر۔ نیّت اگر مؤثر بھی ہوتی ہے تو افعال میں نہ کہ اعیان میں کہ زندہ بکری کو سگ و خوک بنا دے۔ قبیح نیّت سے افعال میں ضرور قُبح پیدا ہو جائے گا نہ یہ کہ حیوانات کے "جون" بدلنے میں اس کو دخل ہو گا۔

نیّت کی اس تاثیر کو اربابِ حق مانتے ہیں لیکن ذبح میں نہ کہ ذبیحہ میں کہ یہ خلاف نص قرآنی ہے۔ محرّمین ذبیحۂ حلال کے طور پر تو صرف خالص مسلم کا ذبیحہ حلال ہے جو ظاہراً اور باطناً مسلم ہو اور ذبح کے وقت نہیں بلکہ خریداری کے وقت اس کی نیت خالص لوجہہ الکریم ہو اور ذبح بالکل جائز ہو۔ گویا ذبح، ذابح و ذبیحہ حُسن و قُبح وحِلّت و حُرمت میں متلازم ہیں اس طور پر کہ ذبائح اہل کتاب و منافقین سب ناجائز ہوں گے۔ حالانکہ منافقین کے ذبائح عہد اقدس میں عام طور پر کھائے جاتے تھے اور اہل کتاب کے ذبائح کی حلّت کا انکار محرّمین ذبیحۂ حلال کو بھی نہ ہو گا۔

اور جب یہاں تک تنزّل اختیار کیا جا سکتا ہے تو محض ان عبارات کے لانے سے کیا فائدہ؟ جس میں تقرّب لغیر اللہ کو شرک اور ایسے تقرّب کرنے والے کو مرتد اور کافر قرار دیا گیا ہے۔ ہم بھی کہتے ہیں کہ بیشک وہ کافر ہے مرتد[1] ہے۔ لیکن اس

---

[1] اگر ذبح کرنے والا مرتد ہو تو اللہ کے نام سے ذبح کرے تب بھی ذبیحہ حرام ہو گا۔ کیونکہ وہ اس کا اہل نہیں رہا۔ ۱۲ محمد عبد القیوم قادری ہزاروی

Marfat.com

سے ذبیحہ کے اکل وعدم اکل کا کوئی علم نہ ہوا۔ نہ ان میں اس کی کوئی صراحت ہے۔ صرف فعل ذابح کا حکم بیان کیا گیا ہے۔ اور یہ بالکل صحیح ہے۔ اب رہا مسئلۂ اکل، اس کا جواب تشریح طلب ہوگا کہ غیر اللہ کا نام عند الذبح لیا گیا ہے تو حرام۔ اور اگر اللہ کا نام لیا ہے تو حلال۔ رہا ذابح کا ارتداد و کفر اور اس کے ذبح کی مقبولیت و مردودیت یہ امر آخر ہے۔ اس سے سوال قیامت میں ہو جائے گا۔

ع محتسب را درونِ خانہ چہ کار

اس سے معلوم ہوا کہ منطق و فلسفہ سے جاہل ہونا کوئی کمال نہیں ہے بلکہ شریعتِ حقّہ سے واقفیّت کمال ہے۔ اگر یہ کمال حاصل ہے تو اس قسم کی بدتمیزیاں ظاہر نہ ہوں گی۔ لیکن اگر علمِ دین کی واقفیّت نہیں ہے تو محض منطق و فلسفہ سے جاہل ہونا کیا کام دے سکتا ہے ؟

یہ واضح رہے کہ جس طرح حرام ذبیحہ کو حلال قرار دینا قبیح و بُرا ہے اسی طرح ذبیحۂ حلال کو محض اپنی رائے سے حرام قرار دینا بھی قبیح ہے۔

ذخیرہ میاں جمیل احمد شرقپوری نقشبندی

Marfat.com

Marfat.com

اللہ کی سر تا بقدم شان ہیں یہ

ان سا نہیں انسان وہ انسان ہیں یہ

قرآن تو ایمان بتاتا ہے انہیں

ایمان یہ کہتا ہے مری جان ہیں یہ

(امام احمد رضا بریلوی)

Marfat.com

اللہ کی سر تا بقدم شان ہیں یہ

ان سا نہیں انسان وہ انسان ہیں یہ

قرآن تو ایمان بتاتا ہے انہیں

ایمان یہ کہتا ہے مری جان ہیں یہ

(امام احمد رضا بریلوی)

Marfat.com